صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

CPNE MEMBER

روزنامہ

Daily IMROZE Islamabad

اسلام آباد

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 30 | بدھ 27 جنوری 2025ء 26 رجب المرجب 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 127

اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ: 9 ہزار سے زیادہ افراد کو ساڑھے 8 ارب روپے سے زیادہ بلا سود قرض جاری

ریاست عوام کے لیے ماں جیسی ہوتی ہے اور ماں کو بے گھر بچوں کا زیادہ احساس ہوتا ہے، خواہش ہے پنجاب میں کوئی بھی بے گھر نہ رہے، سب کے پاس اپنی چھت کا سکھ ہو

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت شہری 5 لاکھ روپے تک قرض لے سکتے ہیں، 5 لاکھ روپے کا قرض 7 سال میں 14 ہزار ماہانہ قسط پر ادا کرنا ہوگا

سیاسی مخالفت کو دشمنی میں بدلنے کے رجحان نے پاکستان کو نقصان پہنچایا، 4 سال نالائقوں کے ہاتھ میں حکومت رہی، 40 سالہ ترقی کو تباہ و برباد کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام تاریخی کامیابی سے ہمکنار ہے۔ پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں 9 ہزار سے زیادہ افراد کو ساڑھے 8 ارب روپے سے زیادہ بلا سود قرض جاری کیا گیا جو چند ماہ کی مختصر مدت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سینئر وزیر کی ارکان پنجاب اسمبلی سے ملاقات

ارکان پنجاب اسمبلی سے حلقوں کے مسائل کے حل سے متعلق بات چیت کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان پنجاب اسمبلی سے ملاقات کی۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

عمران خان نے پاکستان کے غریب عوام کے 64 ارب روپے پر ڈاکہ ڈالا، احسن اقبال

یہ جرم امریکہ، برطانیہ معاف کر سکتا نہ پاکستان کے عوام معاف کریں گے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران خان نے پاکستان کے غریب عوام کے 64 ارب روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے خواجہ سعد رفیق اور رانا مشہود احمد ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان 2035 تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بن سکتا ہے، عالمی بینک

عالمی بینک کے جنوبی ایشیا کے لیے نائب صدر مارٹن ریزر نے کہا ہے کہ پاکستان 2035 تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بننے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے، تاہم اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پاکستان کو سالانہ 7 فیصد کی شرح نمو سے ترقی کرنا لازمی ہوگا

معاشی اصلاحات پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا، عالمی بینک نے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت پاکستان کو 10 سال میں 20 ارب ڈالر کے قرضے یا مالی تعاون کی یقین دہانی کرانے سے قبل حزب اختلاف سمیت سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا ہے

پاکستان 2035 تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بننے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے، تاہم اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پاکستان کو سالانہ 7 فیصد کی شرح نمو سے ترقی کرنا لازمی ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک کے جنوبی ایشیا کے لیے نائب صدر مارٹن ریزر نے کہا ہے کہ پاکستان 2035 تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بننے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے، تاہم اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پاکستان کو سالانہ 7 فیصد کی شرح نمو سے ترقی کرنا لازمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات علی پرویز ملک ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیراعظم کا خوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ضلع لکی مروت میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس کی بنیاد پر ایک آپریشن کیا گیا

سیکورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا اور 18 خوارج کو ہلاک جبکہ 6 کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیراعظم شہباز شریف نے ضلع لکی مروت، ضلع کرک اور ضلع خیبر میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اگر حکومت ختم ہوئی تو سب سے زیادہ نقصان (ن) لیگ کا ہوگا، سردار سلیم حیدر خان

اسے سوچنا چاہیے پیپلز پارٹی کی وجہ سے شہباز شریف وزیراعظم بنے، گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ تمام تر مخالفت کے باوجود (ن) لیگ کا حکومت بنانے کے لئے ساتھ دیا، اگر حکومت ختم ہوئی تو سب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ایڈیشنل رجسٹرار توہین عدالت کیس کا محفوظ شدہ فیصلہ آج سنایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل رجسٹرار توہین عدالت کیس کا محفوظ شدہ فیصلہ (آج) بروز بدھ سنایا جائے گا۔ سپریم کورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم سے سعد رفیق، رانا مشہود کی ملاقات

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

نوجوان افسران کے لیے کاریں خریدی جائیں گی، چیئرمین ایف بی آر

آپریشنز اور سیلز ٹیکس چیکنگ کے لیے افسر کا وزٹ ضروری ہوتا ہے

کمیٹی کے اعتراض کا احترام سے شافی جواب دیا ہے، راشد لنگڑیال کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے افسران کے لیے گاڑیوں کی خریداری پر کہا ہے کہ نوجوان افسران کے لیے کاریں خریدی جائیں گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آپریشنز اور سیلز ٹیکس چیکنگ کے لیے افسر کا وزٹ ضروری ہوتا ہے، کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سراج الحق سے بیرسٹر سیف کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

حکومت صرف لاہور پر توجہ نہ دے، ہمایوں اختر خان

یہاں موٹروے کے ساتھ انڈسٹریل زون قائم کیا جائے

فیصل آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صرف لاہور شہر پر توجہ نہ دے، ماموں کانجن، کنجوانی بھی پنجاب کا حصہ ہیں۔ جاری اعلامیہ کے مطابق سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر نے کہا ہے کہ وہ حلقے کے عوام کے ہر دکھ سکھ میں ان کیساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

خالد مقبول صدیقی سے کوئی لڑائی نہیں، مصطفیٰ کمال

مسلم لیگ ن کو ہمارے لیے بھی بہت کچھ کرنا چاہیے تھا

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ خالد مقبول صدیقی سے کوئی لڑائی نہیں، مسائل پر مشاورت کرتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے پارٹی اختلافات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کوئی پوچھے کہ ایم کیو ایم میں کیا عہدہ ہے تو ہم بغلیں جھانکتے ہیں، رابطہ کمیٹی جب تحلیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سیاسی، اقتصادی بحران گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، لیاقت بلوچ

مذاکرات سے پیدا ہونے والے حل کی اُمید دم توڑ رہی ہے

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، مجلس قائمہ سیاسی امور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی، اقتصادی بحران گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، بدامنی، دہشتگردی اور عوام کے لیے جان، مال، عزت کے تحفظ کے خطرات بڑھتے جا رہے ہیں، حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات سے پیدا ہونے والے سیاسی بحران کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی کے دروازے مذاکرات کیلئے ہمیشہ کھلے تھے، علی محمد خان

یہاں ایک خواہش کے بعد نئی خواہش جنم لیتی اور منظر عام پر آجاتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے دروازے مذاکرات کے لیے ہمیشہ کھلے تھے، یہ جو مذاکرات ہوئے ہیں اس میں بنیادی کردار بھی عمران خان نے خود ہی ادا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات سے باہر نکلنے کا فیصلہ ہم نے بامل مجبوری کیا ہے، حکومت اگر 9 مئی اور 26 نومبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستان کیساتھ ہتھیار اٹھانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا، محسن نقوی

امریکہ میں چین کے خلاف کسی تقریب میں شرکت نہیں کی، مخالفین زہریلا پراپیگنڈہ کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

نوجوانوں کی تقریب میں شرکت کی تھی، اس کو پراپیگنڈہ کر کے غلط رنگ دیا گیا، ایسے پروپیگنڈہ سے کوئی فرق نہیں پڑتا، میں کسی بھی اینٹی چائنہ فنکشن میں نہیں گیا

ہیوسٹن (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا۔ دورہ امریکا کے موقع پر ہیوسٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اراکین پارلیمان کی ترقیاتی اسکیموں کے فنڈز میں اچانک بڑا اضافہ

دسمبر 2024 تک محض 17.5 ارب روپے منظور کیے گئے، جنوری میں 30.9 ارب کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) اتحادی حکومت نے اراکین پارلیمان کی ترقیاتی اسکیموں کیلئے فنڈز جاری کرنے کی رفتار اچانک تیز کرتے ہوئے اس مد میں تین گنا زیادہ رقم جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے، جو 48.3 ارب روپے بنتی ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کراچی کے تاجر بھی وزیراعلیٰ پنجاب کی کارکردگی سے متاثر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کارکردگی سے متاثر کراچی کے تاجروں نے وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال سے بڑا مطالبہ کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق تاجر رہنما نے احسن اقبال سے مطالبہ کیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاک بحریہ نویں امن مشق اور پہلے امن ڈائیلاگ کی میزبانی کیلئے تیار

نویں بین الاقوامی امن مشق؛ 7 سے 11 فروری تک منعقد کی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ نویں امن مشق اور پہلے امن ڈائیلاگ کی میزبانی کیلئے تیار، نویں بین الاقوامی امن مشق؛ 7 سے 11 فروری تک منعقد کی جائے گی۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے مطابق امن 2025 کی سب سے خاص بات؛ نیول چیفس اور کوسٹ گارڈز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سید میر حسین بخاری سے انکی اہلیہ کی وفات پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اختر بلوچ اور دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اگر کوئی سمجھتا ہے پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، رانا ثناء اللہ

آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا

سندھ میں پانی کے مسئلے پر کھڑے ہوئے، اگر کوئی یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں گرائیں گے ایسا نہیں ہوگا، پیپلز پارٹی حکومت گرانے کی طرف نہیں جائے گی، وفاقی مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (آئی پی ایس) وفاقی مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پارا چنار، راستوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

بنکرز کی مسماری کا کام دوبارہ شروع کیا جائیگا، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف

پارا چنار (این این آئی) پارا چنار میں لوگوں کو راستوں کی بندش کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ایم این اے حمید حسین کا کہنا ہے کہ راستوں کی بندش سے زندگی کا ہر شعبہ متاثر ہے۔ دوسری جانب پارا چنار میں گزشتہ دنوں بڑی گاڑی پہنچنے کے بعد سبزیوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پاکستان انتظامی مسائل، قومی ایئر لائن کی 2 پروازیں منسوخ، 17 تاخیر کا شکار

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن کے انتظامی مسائل کی وجہ سے 2 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، 17 پروازوں کی آمد و روانگی میں تاخیر ہوئی ہے۔ فلائٹ شیڈیول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کابل: ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی افغان وزیراعظم ملا محمد حسن اخوند سے ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا مذاکرات کے حوالے سے غلط اندازہ پختگی کی عکاسی کرتا ہے، عرفان صدیقی

پی ٹی آئی کے مطالبات کے جواب پر 80 فیصد کام پہلے ہی مکمل کر چکے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نیا پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات کے لیے اس کے متضاد اور غیر سنجیدہ انداز پر تنقید کرتے ہوئے اسے بچگانہ اور غیر سنجیدہ رویہ قرار دیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مذاکراتی عمل کو بڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پیکا ایکٹ سوشل میڈیا کیلئے ہے، رانا تنویر حسین

معیشت کی تباہی، اسی وجہ سے مذاکرات سے بھاگ رہے ہیں، وفاقی وزیر

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے پیکا ایکٹ کو بغیر کسی جواز کے اشو بنایا جا رہا ہے، یہ قانون پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کیلئے نہیں بلکہ سوشل میڈیا کیلئے ہے جس پر لوگوں کی عزتوں سے کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق سے شیر پختونخوا حکومت کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف اور سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی ملاقات کر رہے ہیں۔

جو عمران خان نے کہا وہی پی ٹی آئی کا فیصلہ ہے، بیرسٹر گوہر

7 دن ختم ہونے کے بعد مذاکراتی عمل باضابطہ ختم ہو چکا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے جو عمران خان نے کہا وہی پارٹی کا فیصلہ ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مذاکرات کے آغاز میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

بجلی بلوں اور آئی پی پیز کے معاملے پر جماعت اسلامی نے ملک گیر احتجاج کی کال دیدی

احتجاجی تحریک کو از سر نو شروع کیا جائے گا، دھرنوں میں ہی عوام کو آئندہ کا روڈ میپ دیا جائے گا

پی ٹی آئی کے پاس سارے فارم 45 ہونے کے باوجود نئے الیکشن کا مطالبہ حکومت کو ریلیف کے مترادف ہے، حافظ نعیم الرحمن

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ آئی پی پیز مافیا، ان کے سہولت کاروں کے خلاف اور عوام کے حقوق کے لیے 31 جنوری کو پورے پاکستان میں بیک وقت احتجاجی مظاہرے و دھرنے دیے جائیں گے، احتجاجی تحریک کو از سر نو شروع کیا جائے گا، دھرنوں میں ہی آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے روڈ میپ دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تحریک انصاف خیبر پختونخوا میں بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کا امکان

عاطف خان اور ارباب شیر علی کو بھی اہم ذمہ داریاں مل سکتی ہیں، ذرائع

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا میں بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کا امکان ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق صوبائی صدارت میں تبدیلی کے بعد تنظیمی سطح پر تبدیلیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کی بھی تبدیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

صوبہ میں امن کے لیے ایک ہزار جرگے کرنا پڑیں تو کریں، سراج الحق

لاہور (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق سے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا حکومت بیرسٹر سیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

چیف الیکشن کمشنر سمیت ممبر سندھ اور بلوچستان کی مقررہ مدت ختم

اسلام آباد: (آئی پی ایس) چیف الیکشن کمشنر اور ممبر سندھ اور بلوچستان کی مقررہ مدت ختم ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق چیف الیکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

چیئرمین ایف بی آر کا اعتراض کے باوجود افسران کیلئے گاڑیاں خریدنے کا اعلان

سینیٹ کمیٹی کے اعتراض کا احترام سے تسلی بخش جواب دیا ہے، ٹیکس اہداف پورے کریں گے جو تشی کا کام شروع نہیں کیا ہے

ملٹی نیشنلز کے بھی ہیڈ کوارٹرز ہیں، اس لیے ٹیکس کلیکشن کا عمل ادھر سے ریکارڈ میں آتا ہے

کراچی (آئی پی ایس) چیئرمین ایف بی آر سینیٹ کمیٹی کی ہدایت مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ نوجوان افسران کے لیے گاڑیاں خریدیں گے کیونکہ آپریشن کے لیے ضرورت ہے، سیلز ٹیکس کے لیے وزٹ ضروری ہوتا ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایف بی آر چیئرمین راشد لنگڑیال نے کہا کہ سینیٹ کمیٹی کے اعتراض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر سے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی ملاقات کر رہے ہیں

علی امین گنڈاپور کو پارٹی عہدے سے ہٹانے کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

بانی پی ٹی آئی کو تین ماہ سے وکلاء علی امین کے خلاف شکایات کر رہے تھے، ذرائع

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو پارٹی عہدے سے ہٹانے کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کو تین ماہ سے وکلاء علی امین کے خلاف شکایات کر رہے تھے، علی امین نے خود بھی سلمان اکرم راجا سے پارٹی عہدے چھوڑنے کی بات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

آئندہ بجٹ میں عوام کو مزید خوشخبریاں دیں گے، رانا مشہود

ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا، آئندہ بجٹ میں عوام کو مزید خوشخبریاں دینگے، رانا مشہود

ترکیہ کے صدر جلد پاکستان کا دورہ کرینگے، اڑان پاکستان پروگرام ملکی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریگا، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام

لاہور (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، مخالفین کی ترقی کا سفر روکنے کی تمام تر سازشیں ناکام ہو چکی ہیں، معاشی ترقی کے لیے کوششوں کے ثمرات سامنے آ رہے ہیں، ترکیہ کے صدر جلد پاکستان کا دورہ کریں گے، آئندہ بجٹ میں عوام کو مزید خوشخبریاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان کی چین کو تل کی برآمدات 226 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں

چین نے جنوری سے دسمبر 2024 تک پاکستان سے 177,640.638 ٹن تل درآمد کیے

بیجنگ (این این آئی) پاکستان کی چین کو تل کے بیجوں کی برآمدات 2024 میں 226 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں، یہ دوطرفہ تجارتی تعلقات میں اہم پیش رفت ہے۔ چین میں پاکستانی سفارت خانے کے ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر غلام قادر کے مطابق برآمدات میں یہ اضافہ چینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

خضدار: قومی شاہراہ پر دھماکہ، 1 شخص جاں بحق، 7 افراد زخمی

صوبہ بلوچستان کے علاقہ خضدار میں قومی شاہراہ پر دھماکے میں 1 شخص جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہو گئے

دھماکہ خیز مواد سڑک کنارے کھڑی کار میں نصب کیا گیا تھا جہاں سے بس کے گزرتے ہی دھماکہ ہوا

خضدار (آئی پی ایس) صوبہ بلوچستان کے علاقہ خضدار میں قومی شاہراہ پر دھماکے میں 1 شخص جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خضدار میں ایم 8 قومی شاہراہ پر کھوڑی کے مقام پر دھماکہ ہوا، اس دھماکے میں ایک شخص جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوئے، دھماکہ خیز مواد سڑک کنارے کھڑی کار میں نصب کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

استحکام پاکستان پارٹی کا جنوبی پنجاب میں علیحدہ تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دینے کا فیصلہ

رفاقت گیلانی صدر، تحسین گردیزی کو جنرل سیکرٹری نامزد کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی نے جنوبی پنجاب کیلئے علیحدہ تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا، جنوبی پنجاب کے صدر و جنرل سیکرٹری کے نام فائنل کر لئے گئے۔ جنوبی پنجاب کے لئے رفاقت گیلانی کو صدر جبکہ تحسین گردیزی کو جنرل سیکرٹری نامزد کیا گیا ہے۔ مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اداریہ

آپ کی رائے

سب سے پہلے امریکہ، جنگیں ختم

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ ان سے امریکی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جان رابرٹس نے حلف لیا۔ ٹرمپ امریکی تاریخ کے 47 ویں صدر بن گئے۔ اس موقع پر سابق صدر جو بائیڈن نے انہیں آگے بڑھ کر مبارکباد دی۔ صدر ٹرمپ کی اہلیہ ان کے ہمراہ تھیں۔ روایت کے مطابق پہلے نومنتخب نائب صدر جے ڈی وینس نے حلف اٹھایا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تقریب سے اپنے خطاب میں سابق صدور کا نام لے کر اور دوسرے شرکا کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا میری ترجیح امریکہ کو قابل فخر ملک بنانا ہے۔ سب سے پہلے امریکہ ہے۔ جس کے سنہری دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ ہم اپنی خودمختاری دوبارہ حاصل کریں گے۔ ہمیں چیلنجز کا سامنا ہے۔ اب امریکہ ترقی کرے گا۔ سابق حکومتیں داخلی مسائل حل نہیں کر سکیں۔ لیکن دنیا بھر میں مہنگی مہمات کرتی رہیں۔ میری اولین ترجیح ایک ایسا ملک قائم کرنا ہے جو آزاد اور مضبوط ہو۔ مجھے خدا نے اس لئے محفوظ رکھا تاکہ امریکہ کو عظیم ملک بناؤں۔ میں اور میری انتظامیہ ملک کی سرحدوں کا تحفظ یقینی بنائے گی۔ ہم لاکھوں غیر قانونی تارکین وطن اور جرائم پیشہ افراد کو واپس بھیجیں گے۔ منظم جرائم کے گروہوں کو غیر ملکی دہشتگرد قرار دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنگیں ختم، امریکہ امن کا داعی بنے گا۔ خلیج میکسیکو اب خلیج امریکہ ہوگا۔ میں امن اور اتحاد قائم کرنے والا شخص کہلانا چاہتا ہوں۔ ہم پانامہ کینال واپس لیں گے۔

صدر ٹرمپ اپنے لوگوں سے جو وعدے کر کے آئے وہ ان کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے جس پر آتے ہی ان کی طرف سے پرجوش طریقے سے عمل شروع ہو گیا ہے۔ ٹرمپ نے اپنے ملک اور عوام کے مفادات کے لیے کام کرنا ہے جیسا کہ انہوں نے ''سب سے پہلے امریکہ'' کو سلوگن بنایا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے دعویٰ کیا کہ امریکہ کے سنہرے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ یہ ہمارے سیاست دانوں کے لیے بھی پیغام ہے کہ وہ پاکستان کے مفادات کو ترجیحات میں رکھیں۔

امریکہ چونکہ دنیا کی واحد سپر پاور ہے لہٰذا وہاں رونما ہونے والے عالمی سطح پر بھی دور رس اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ عالمی امن، دنیا کے بڑے تنازعات اور پاکستان کے حوالے سے ٹرمپ کی پالیسی کیا ہوگی؟ اس پر تجزیہ کی ضرورت ہے۔

ٹرمپ کے گزشتہ صدارتی دور میں امریکہ نے نہ صرف کوئی نئی جنگ نہیں چھیڑی تھی بلکہ افغانستان میں جاری جنگ کو بھی سمیٹ کر انخلا کی طرف آئے تھے۔ اس عمل کے دوران امریکہ میں انتخابات ہوئے ان کی جگہ جو بائیڈن صدر بنے تو مجبوراً ان کو ٹرمپ کی افغانستان سے انخلاء کی پالیسی پر عمل کرنا پڑا۔ ٹرمپ نے اپنی انتخابی مہم کے آغاز میں کہا تھا کہ وہ صدر ہوتے تو یوکرائن کی روس کے ساتھ جنگ نہ ہوتی اور نہ ہی حماس اور اسرائیل لڑائی کی طرف جاتے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر کا حلف اٹھانے سے قبل ان کے مشرق وسطیٰ کے لیے خصوصی نمائندے سٹیون وکٹوف نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ملاقات کی۔ انہیں جنگ بندی پر قائل کیا۔ سٹیون کے توسط سے حماس اور اسرائیل کے مابین جنگ بندی اور یرغمالیوں وقیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ ہونے کے بعد 19 جنوری سے اس پر عمل بھی شروع ہو گیا ہے۔ ٹرمپ کے اگلے چار سالہ دور میں عالمی امن مستحکم ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ فلسطین اسرائیل جنگ تو رک گئی ہے۔ ٹرمپ مشرق وسطیٰ میں مسئلہ فلسطین اور جنوبی ایشیا میں مسئلہ کشمیر حل کرانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو عالمی امن میں مزید استحکام کی امید کی جا سکتی ہے۔ دنیا کے یہی دو بڑے تنازعات عالمی امن کے عدم استحکام کا باعث ہیں۔

پاکستان کے حوالے سے سابق دور میں صدر ٹرمپ کی پالیسی کچھ عرصہ کے لیے سخت تھی۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوری 2018ء میں ٹویٹ کے ذریعے پاکستان پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ نے گزشتہ 15 سالوں میں پاکستان کو بے وقوفی سے 33 ارب ڈالر سے زیادہ امداد دی، اور اس کے بدلے ہمیں جھوٹ اور دھوکہ ملا۔ ٹرمپ نے اپنے ٹویٹ میں یہ بھی کہا کہ پاکستان ہمیں بے وقوف سمجھتا ہے اور ان دہشت گردوں کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرتا ہے جن کا ہم افغانستان میں شکار کر رہے ہیں۔ اب مزید نہیں!! 33 ارب ڈالر امداد کا دھوئی، ٹرمپ کا اشارہ اس مالی امداد کی طرف تھا جو امریکہ نے پاکستان کو 2002 سے 2017 تک فوجی اور اقتصادی تعاون کی مد میں فراہم کی (یہ امداد 33 ارب نہیں بلکہ 22 ارب ڈالر تھی)۔ یہ امداد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے تعاون کے لیے دی گئی تھی۔ پاکستان نے ان الزامات کو سختی سے مسترد کیا اور کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھایا ہے۔ پاکستانی حکومت نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کو پاکستان کی قربانیوں کا احترام کرنا چاہیے۔ ہم نے 70 ہزار سے زائد جانیں گنوائی ہیں اور ہماری معیشت کو 100 ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان پہنچا ہے۔ امریکہ کی جنگ میں شامل ہو کر اپنی سرزمین پر دہشت گردی کو دعوت دی۔ پاکستان کے اس موقف کے بعد صدر ٹرمپ نے جارحانہ رویہ اختیار کرنے کی بجائے اسے تسلیم کیا اور ان کے رویے میں واضح تبدیلی اور نرمی دیکھنے میں آئی جس سے دونوں ممالک کے مابین تلخی ختم ہو گئی۔

صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ڈونلڈ ٹرمپ کو امریکا کے 47 ویں صدر کے طور پر عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے نئے امریکی صدر کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے ایکس پر اپنے ٹویٹ میں کہا ہے کہ میں ان کے ساتھ مل کر امریکا اور پاکستان کی دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا متمنی ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ برسوں سے یہ دو عظیم ملک اپنے لوگوں کے لیے خطے میں امن اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں اور ہم یہ تعاون مستقبل میں بھی جاری رکھیں گے۔ امید ہے کہ صدر ٹرمپ نے پاکستان اور امریکہ کے مابین دوستی کی پالیسی جہاں چھوڑی تھی وہیں سے آگے بڑھائیں گے۔

سابق صدر جو بائیڈن کی طرف سے سینکڑوں قیدیوں کو معافی دے دی گئی۔ عافیہ صدیقی کے حوالے سے پاکستانی امید کرتے تھے کہ ان کی سزا بھی معاف کر دی جائے گی۔ انہیں جرم بے گناہی میں 86 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ جو بائیڈن نے پاکستان ہی نہیں بلکہ انسانی حقوق کی بات کرنے والوں کو بھی مایوس کیا۔ امید کی جاتی ہے کہ صدر ٹرمپ عافیہ صدیقی کی سزا کی معافی کا اعلان جلد کر دیں گے۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

26 جنوری کا یوم سیاہ

ہندوستان ایک حقیقی جمہوریہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے 26 جنوری کو یوم جمہوریہ کے طور پر مناتا ہے۔ تاہم یہ دعویٰ ملک کی صورتحال اور حکمرانی کی حقیقت سے متصادم ہے۔ یہ سمجھنے کے لیے کہ ایک حقیقی جمہوریہ کیا ہے اس کے حقیقی معنی اور روح کو سمجھنا ضروری ہے۔ ایک جمہوریہ اپنی سب سے مستند شکل میں صرف ایک سیاسی نظام سے زیادہ کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ ان اقدار اور نظریات کی علامت ہے جو معاشرے کو متحد کرتے ہیں۔ اس کی بنیاد پر جمہوریہ ایک سیاسی ڈھانچہ ہے جس میں ریاست کے سربراہ کا انتخاب عوام یا ان کے نمائندے کرتے ہیں اور جس میں شہریت، قانون کی حکمرانی اور انفرادی حقوق کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ جمہوریہ کا جوہر صرف اس کے ڈھانچے میں نہیں پایا جاتا بلکہ ان اصولوں میں پایا جاتا ہے جو حکومت اور اس کے شہریوں کے ساتھ ساتھ خود شہریوں کے درمیان تعلقات کی رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ آزادی اور ذمہ داری کے درمیان توازن قائم کرنے اور انصاف، مساوات اور اجتماعی فلاح و بہبود کے لیے وقف ہونے کے بارے میں ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال ہندوستان میں انسانی حقوق کے سب سے شدید بحرانوں میں سے ایک کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ خطہ طویل عرصے سے سیاسی، نسلی اور مذہبی تناؤ کا مرکز رہا ہے، جس میں ہندوستانی سیکورٹی فورسز نے متعدد مظالم کا ارتکاب کیا، جس کے نتیجے ایک بڑا انسانی بحران اور المیہ سامنے آیا ہے۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں، اقوام متحدہ اور آزاد مبصرین نے خطے میں بڑے پیمانے پر ہونے والی بدسلوکیوں کو دستاویزی شکل دی ہے، جن میں ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، من مانی گرفتاریاں اور تشدد شامل ہیں۔ 1980 کی دہائی کے اواخر سے مقبوضہ کشمیر شورش کا مرکز رہا ہے، جہاں مقامی لوگ خودارادیت اور پاکستان کے ساتھ الحاق کے حق کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ہندوستان نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کو مسلسل مسترد کیا ہے جن میں کشمیریوں کے اپنے مستقبل کا تعین کرنے کے حق کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ہندوستانی حکومت نے خطے کو دبانے کے لیے کشمیری عوام کی مرضی کے خلاف بڑی تعداد میں حفاظتی دستے تعینات کیے ہیں۔ اگست 2019 میں ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد صورتحال ڈرامائی طور پر خراب ہو گئی، جس نے خطے کو خصوصی خود مختاری دی تھی۔ اس اقدام نے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو تیز کر دیا اور کشمیری آبادی میں غصے کو جنم دیا۔ مقبوضہ کشمیر میں سب سے زیادہ سنگین بدسلوکیوں میں سے ایک ہندوستانی سیکورٹی فورسز کی طرف سے ماورائے عدالت قتل کا وسیع پیمانے پر استعمال رہا ہے۔ یو مین رائٹس واچ، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور اقوام متحدہ سمیت انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں نے ایسے متعدد واقعات رپورٹ کیے ہیں جہاں ہندوستانی افواج نے نام نہاد مقابلوں میں شہریوں کو ہلاک کیا ہے، جس کا کوئی جوابدہ نہیں ہے۔ انکاؤنٹر کلنگز کی اصطلاح عام طور پر عسکریت پسند ہونے کے شبہ میں افراد کی غیر قانونی ہلاکتوں کو بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے، حالانکہ متاثرین میں سے بہت سے غیر مسلح شہری یا بے گناہ راہگیر ہوتے ہیں۔ یہ قتل عام اکثر اسٹیج کے ساتھ کیے جاتے ہیں اور سیکیورٹی فورسز کو شاذ و نادر ہی جوابدہ ٹھہرایا جاتا ہے۔ متعدد اطلاعات سے اشارہ ملتا ہے کہ ہندوستانی فوج، نیم فوجی دستوں اور پولیس نے اختلاف رائے کو دبانے اور شورش کو دبانے کے لیے ماورائے عدالت قتل کو ایک حربے کے طور پر استعمال کیا ہے۔ یہ خطہ وحشیانہ قتل عام کا مقام بھی رہا ہے، جیسے کہ 1990 کی دہائی میں سوپور قصبے میں قتل عام، جہاں سیکورٹی فورسز کی اندھا دھند فائرنگ سے متعدد شہری مارے گئے تھے۔ حال ہی میں، 2016 کے برہان وانی مظاہروں جیسے واقعات، جو ہندوستانی افواج کے ہاتھوں ایک ممتاز حریت رہنما کی شہادت سے شروع ہوئے، میں کئی شہری ہلاکتیں ہوئیں۔ مقبوضہ کشمیر میں جبری گمشدگیاں انسانی حقوق کا ایک اور سنگین مسئلہ بنی ہوئی ہیں۔ انسانی حقوق کی مختلف تنظیموں کی رپورٹوں سے پتہ چلتا ہے کہ سیاسی کارکنوں، عسکریت پسندوں اور عام شہریوں سمیت ہزاروں افراد کو ہندوستانی سیکورٹی فورسز نے مقبوضہ کشمیر میں زبردستی لاپتہ کر دیا ہے۔ لاپتہ افراد کے اہل خانہ کو اکثر انصاف کے حصول میں چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، کیونکہ سیکورٹی فورسز ان گمشدگیوں میں کسی بھی طرح سے ملوث ہونے یا ذمہ دار ہونے سے انکار کرتی ہیں۔ یہ اغوا اکثر جسمانی اور نفسیاتی تشدد کے ساتھ ہوتے ہیں جن کا مقصد اکثر اعتراف کروانا یا معلومات حاصل کرنا ہوتا ہے۔ تشدد مقبوضہ کشمیر میں ایک معمول بن چکا ہے جسے دھمکانے یا مشتبہ عسکریت پسندوں سے معلومات حاصل کرنے کے آلے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ بچ جانے والوں کی شہادتوں کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی تنظیموں کی رپورٹوں میں بدسلوکی، جیسے مار پیٹ، بجلی کے جھٹکے اور جنسی تشدد کے واقعات کی تفصیلات سامنے آ چکی ہیں۔ ان جرائم کے لیے جوابدہ ہونے کی کمی خطے میں خوف اور مصائب کے ماحول کو برقرار رکھتی ہے۔ ہندوستان میں بغاوت مخالف کارروائیوں کے حصے کے طور پر من مانی گرفتاریاں اور شہریوں کی حراستیں بڑے پیمانے پر پھیل گئی ہیں۔ کارکنوں، طلباء، صحافیوں اور سیاست دانوں سمیت ہزاروں افراد کو بغیر کسی الزام کے حراست میں لیا گیا ہے اور ایسا اکثر متنازعہ پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) کے تحت کیا گیا ہے جو دو سال تک بغیر مقدمے کی سماعت کے حراست کی اجازت دیتا ہے۔ اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد ہندوستانی حکام نے سابق وزرائے اعلیٰ اور حریت تنظیموں کے ارکان سمیت متعدد ممتاز سیاسی رہنماؤں کو گرفتار کیا۔ ان میں سے بہت سے زیر حراست افراد کشمیر سے باہر قید ہیں اور اکثر اپنے خاندانوں سے دور رہنے پر مجبور ہیں جس کی وجہ سے ان کے لیے عدالت میں اپنی حراست کو چیلنج کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ حراست کے استعمال، خاص طور پر سیاسی مخالفین اور حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرنے والے کارکنوں کے خلاف، کو بین الاقوامی انسانی حقوق کے معیارات کی خلاف ورزی کے طور پر بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ پی ایس اے کو شورش کے خلاف جائز اقدام کے بجائے سیاسی جبر کے آلے کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سب سے اہم خلاف ورزیوں میں سے ایک، خاص طور پر آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد سے، مواصلاتی بندشوں کا نفاذ رہا ہے۔ اگست 2019 میں منسوخی کے بعد، ہندوستانی حکومت نے خطے میں سخت لاک ڈاؤن نافذ کیا، جس میں انٹرنیٹ خدمات بند کرنا، فون کنیکٹیویٹی کو محدود کرنا اور میڈیا تک رسائی کو محدود کرنا شامل تھا۔ اس مواصلاتی بندش نے کشمیر کے لوگوں کو الگ تھلگ کر دیا اور صحافیوں، انسانی حقوق کی تنظیموں اور بین الاقوامی برادری کو زمینی صورتحال کے بارے میں درست معلومات حاصل کرنے سے روک دیا۔ صحافیوں کو انسانی حقوق کی جاری خلاف ورزیوں کی رپورٹنگ کرنے پر ہراساں کرنے، قید و بند اور سنسرشپ کا سامنا کرنا پڑا ہے اور میڈیا اور مواصلاتی چینلز کو دبائے جانے نے اظہار رائے کی آزادی کو تشویشناک حد تک محدود کر دیا ہے اور بدسلوکیوں کو دستاویزی شکل دینے میں رکاوٹ پیدا کی ہے۔ جنسی تشدد، خاص طور پر عصمت دری اور چھیڑ چھاڑ، کو ہندوستانی سیکورٹی فورسز نے خطے میں جبر کے آلے کے طور پر استعمال کیا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں خواتین کو خوفناک جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ 1991 کا کنن پوش پورہ واقعہ خاص طور پر بدنام ترین واقعہ ہے، جہاں ہندوستانی فوجیوں نے مبینہ طور پر ایک ہی رات میں تیس سے زیادہ خواتین کی اجتماعی عصمت دری کی تھی۔ مقامی گواہوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی طرف سے واقعے کو رپورٹ کئے جانے کے باوجود متاثرین کو انصاف ملنا مشکل ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں عدم تحفظ کے ماحول نے خواتین کو خاص طور پر جنسی تشدد کا شکار بنا دیا ہے اور بہت سے متاثرین کو اپنی برادریوں کی طرف سے بدنما داغ اور مسترد ہونے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مزید برآں، اختلاف رائے کو دبانے اور جاری تشدد نے سماجی ڈھانچے کو ختم کر دیا ہے، جس سے خواتین کے لیے انصاف حاصل کرنا اور بھی مشکل ہو گیا ہے۔ ہندوستان کی طرف سے خاص طور پر مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور مظالم کی تلخ حقیقت عالمی برادری کے لیے لمحہ فکریہ ہے، جو ہندوستان کے ایک حقیقی جمہوریہ ہونے کے دعوے کو سختی سے مسترد کرتی ہے۔ 26 جنوری کو یوم سیاہ منانا ہندوستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر بڑے پیمانے پر غصے اور مذمت کی علامت ہے۔ ہندوستان پر دباؤ ڈالنے کی فوری ضرورت ہے کہ وہ ہندوستان کی اقلیتوں اور مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کے خلاف انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو بند کرے۔

کوئی ان کو احساسِ ذلت دلا دے

محمد دلاور چودھری

بچپن میں سنتے اور سمجھتے آئے تھے کہ ''نظر نہ آنے والے'' بہت خاص لوگ ہوتے ہیں۔ انکے پاس سلیمانی ٹوپی یا چولا تو ہوتا ہی ہے، اس کے ساتھ سفر کیلئے اڑن قالین کی سہولت بھی بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے۔ الف لیلہ یا طلسم ہوشربا کی کہانیوں میں اکثر ایسے کرداروں سے سامنا ہوتا تو انکی قسمت کو داد دینے کو دل چاہتا۔ اس کے علاوہ دوسری قسم کی نظر نہ آنے والی مخلوق سے بھی خاص واقفیت تھی جو ایڈگر ایلن پو کی داستانوں میں بکثرت پائی جاتی تھی۔ عام لوگوں کو راہ چلتے بھی، پھر بنا دیتا یا زندہ نگل جانا انکے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوا کرتا تھا۔ حقیقی زندگی یقیناً اس سے مختلف ہوتی ہے لیکن بچپن سے لڑکپن کی حدوں کو چھونے تک ہم یہ سب سچ سمجھتے رہے۔

ایک روز نسل پرستی کے خلاف جدوجہد کرنے والے سیاہ فام امریکی مفکر رالف ایلیسن کا ناول ''نظر نہ آنے والا شخص'' (man Invisible) پڑھا تو گیارہ سو دو صفحے کے جھٹکے کے ساتھ ہی سوچ کی کایا کلپ ہو گئی۔ کیونکہ نظر نہ آنیوالا شخص تو حقیقت میں بہت ہی کمزور نکلا جو عالمی اشرافیہ سے محض اپنی موجودگی کی دلیل یا احساس چاہتا تھا۔ لیکن زمانہ اسے ''ہر چند کہیں کہ ہے، نہیں ہے'' کی طرح نظر انداز کئے جا رہا تھا کیونکہ عالمی اشرافیہ کو اس کے ہونے نہ ہونے کے احساس سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کیونکہ وہ اندر ہی اندر سمجھتی تھی کہ اس نظر نہ آنے والے شخص کا اس جہان سے خاموشی سے گزر جانا ہی بہتر ہے۔

دنیا کو رالف ایلیسن کے نظر نہ آنیوالے سیاہ فام شخص کی عینک سے دیکھا تو محسوس ہوا کہ اپنی ذات میں بظاہر ایک شخص درحقیقت دنیا بھر کے کروڑوں، اربوں لوگوں کا نمائندہ ہے۔ وہ اربوں لوگ جن کا کام ہی ذات پات، نسل پرستی، عالمی و مقامی سیاست بازی کی بھینٹ چڑھ جانا ہے۔ ان کا کوئی ماضی نہ حال اور مستقبل کا لفظ تو انکی ڈکشنری تک میں شامل نہیں۔ ان لوگوں کیلئے وقت تھم جاتا ہے۔ ایک قربان ہوتا ہے تو دوسرا انکی جگہ لے لیتا ہے۔ بس یہی انکی زندگی کی کل کہانی ہے۔

رالف ایلیسن کے بعد الیکس ہیلے کا ناول روٹس (Roots) نظر سے گزرا تو نہ صرف چودہ طبق روشن ہو گئے بلکہ دماغ کی بتی بھی جل اٹھی کیونکہ اس کے ذریعے معلوم ہوا کہ آج مہذب کہلائے جانے والے ملک کس قدر گھناؤنی ''غلام تجارت'' سے لتھڑے ہوئے ہیں۔ کھوپڑیوں کے مینار تعمیر کرنے والے چنگیز خان، ہلاکو اور تیمور ابھی بھی زندہ ہیں بس نام بدل لئے ہیں۔ اب ان میں سے کسی کا نام ''جمہوری نظام'' ہے تو کوئی ''انسانی حقوق کا چیمپئن'' کہلاتا ہے۔ کوئی سوشلسٹ تو کوئی کمیونسٹ بن چکا ہے۔ آج کے ہلاکو مشرق و مغرب میں ہر جگہ دلکش نعروں کے ساتھ اپنی دکان چمکاتے اور نظر نہ آنے والے کروڑوں اربوں لوگوں کو دلفریب گولی دیتے دکھائی دیتے ہیں۔ انکی گولی ایک ہی کام کرتی ہے اور وہ کام قسمت کے مارے نظر نہ آنے والوں کو جال میں پھانس کر اپنا الو سیدھا کرنا ہے۔ انسانی حقوق کے بڑے بڑے چارٹروں، انصاف کے مرکزوں اور پارلیمانوں جیسے عوامی اداروں کی بنیادوں میں ابھی تک انسانی کھوپڑیوں کا کنکریٹ ڈالا جا رہا ہے انہیں مضبوطی اور توانائی بخشنے کیلئے انسانی خون سے مسل دیا جاتا ہے۔ ان تابناک عمارتوں پر انصاف اور میرٹ کے جھنڈے کیلئے انسانی ہڈیوں کو پیس کر روشنائی تیار کی جاتی ہے اور انہیں دوام بخشنے کیلئے کتنے ہی گریبان چاک ہوتے ہیں اور ان چاک گریبانوں کا شیشوں کی طرح کوئی مسیحا نہیں ہوتا کیونکہ خون خاک نشینوں کا تو کام ہی رزق خاک ہونا ہے، اس سے زیادہ وہ کیا کر سکتا ہے۔ اس کے مقدر میں فصل گل آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

دنیا صدیوں سالوں سے ایسی ہی ہے درد کی زنجیر کا سلسلہ ٹوٹا نہیں۔ کچھ عقیم لوگوں نے زخموں پر مرہم ضرور رکھا ہے لیکن درد کی مسافت جاری ہے کیونکہ دراصل دنیا کو لگنے والا ناانصافی اور سفاکی کا روگ محض ایک زخم نہیں بلکہ وہ ناسور ہے جسے ''رفو'' کرنے کیلئے نہ جانے کتنے زمانے چاہئیں اور یہ بھی معلوم نہیں کہ تھکی آہوں سے اس کا کلیجہ ٹھنڈا ہوگا۔ نیو لبرل ازم، کیپٹل ازم، جاگیرداری، کمیونزم، سوشلزم مختلف نام رکھنے والا ایک ہی جال ہے جس کی ایک ہی بنیاد ہے، جس کا ایک ہی مدعا ہے اور وہ کروڑوں، اربوں انسانوں کو اپنی لپیٹ میں لیکر چند سو یا زیادہ سے زیادہ چند ہزار لوگوں کو طاقت مہیا کرنا ہے۔

ازابیلہ ولکرسن نے اپنی کتاب ''ذات پات'' (Cast) میں ڈھول کا پول خوب انداز میں نمایاں کیا ہے۔ انکے مطابق ذات پات اور نسل پرستی کو فروغ دینے والی تین ریاستیں سب سے نمایاں ہیں۔ ان میں سے امریکہ اور بھارت تو ابھی تک جمہوریت جمہوریت کھیل رہے ہیں جبکہ جرمنی کا نازی ازم گہری نیند سو کر دفن ہو چکا ہے۔ جمہوریت کے چیمپئن بننے کا دعویٰ کرنے والے امریکہ اور بھارت بھی نازی جرمنوں کی فہرست میں شمار کئے جائیں تو پھر ''کسے وکیل کریں اور کس سے منصفی چاہیں'' اور کروڑوں، اربوں سادہ دل بندے کہاں جائیں۔

لگتا ہے عالمی اشرافیہ کے چند ہزار نمائندوں نے اس دنیا کو ایک بڑا پنگی گھر سمجھ لیا ہے وہ ''جب چاہو معیشت اٹھا دو، جب چاہو گرا دو'' کہیں جنگ چھیڑ دو تو کہیں گھر مچھ کے آنسوؤں کے ساتھ انسانیت کا نوحہ پڑھ دو، کہیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کو کھلا چھوڑ دو تو کہیں امداد کے ڈونگرے برسا دو'' انکے ساتھ ڈھکوسلوں اور دلاسوں کے قلم سے ایسی کہانیاں لکھتے رہو جن کا کوئی انجام نہ ہو اور ایک کے بعد ایک لچھے دار دلیل، بہانے دنوں کی امید بھری بھول بھلیاں ہوں تاکہ مخلوق خدا ان میں الجھی رہے اور نام والوں کا نام چلتا رہے۔

ختم ہوتی ہوئی کہانیاں اپنے اندر بیداری کا زود اثر ٹانک رکھتی ہیں مختلف سوالوں کو جنم دیتی ہیں اور یہ سوال انسان کی حقیقی آزادی سے لیکر ڈھونگ جمہوری تماشے بند کرنے کے اصرار پر بھی مشتمل ہو سکتے ہیں اس لئے کہانیاں چلتی رہتی ہیں اور یوریت محسوس ہونے پر اچانک سنسنی خیز موڑ آ جاتے ہیں اور کہانیاں ختم نہیں ہوتیں۔ آہنی دیواروں کا زمانہ ختم ہوا لیکن آہنی سرایوں کا دور جاری ہے پنگی گھروں کی افزائش رواں دواں ہے اور یہ سب کام مکمل احتیاط کے ساتھ جاری رہتا ہے کہ چند ہزار اشرافیہ کے ہاتھوں پتلی بنے انسان کسی ٹھوکر کے لگنے پر بیدار نہ ہو جائیں۔ کیونکہ وہ بیدار ہو گئے تو انسانی حقوق کو فائلوں میں بند کاغذوں میں نہیں بلکہ چلتی پھرتی دنیا میں عملی طور پر دیکھنے کا مطالبہ کر بیٹھے اور اگر وہ ایسا کر بیٹھے تو پھر عالیشان ایوانوں کا توازن بھی بگڑ سکتا ہے۔ وہ توازن جو انکی کھوپڑیوں اور خون کے سہارے قائم ہے۔

پتلی گھروں میں کبھی کبھار بھڑکتی احتجاج کی چنگاریوں سے عالمی اشرافیہ بہت پریشان رہتی ہے۔ اسی لئے تماشے کو نئے موڑ دے کر جھوٹے بھرم قائم رکھنے کیلئے کشتوں کے پشتے لگا دیئے جاتے ہیں کیونکہ خلق خدا نے راج کرنا شروع کر دیا تو مظلوموں کے پاؤں تلے صرف دھرتی ہی دھڑ دھڑ نہیں دھڑکے گی بلکہ چند ہزار نفوس کی من مرضی اور اقتدار بھی ملیامیٹ ہو جائے گا۔

آج فیض کی نظم ''کتے'' پر اختتام کرتے ہیں

یہ گلیوں کے آوارہ بے کار کتے
کہ بخشا گیا جن کو ذوق گدائی
زمانے کی پھٹکار سرمایہ ان کا
جہاں بھر کی دھتکار ان کی کمائی
نہ آرام شب کو نہ راحت سویرے
غلاظت میں گھر نالیوں میں بسیرے
جو بگڑیں تو اک دوسرے سے لڑا دو
ذرا ایک روٹی کا ٹکڑا دکھا دو
یہ ہر ایک کی ٹھوکریں کھانے والے
یہ فاقوں سے اکتا کے مر جانے والے
مظلوم مخلوق گر سر اٹھائے
تو انسان سب سرکشی بھول جائے
یہ چاہیں تو دنیا کو اپنا بنا لیں
یہ آقاؤں کی ہڈیاں تک چبا لیں
کوئی ان کو احساس ذلت دلا دے
کوئی ان کی سوئی ہوئی دم ہلا دے

ریاست کیا چاہتی ہے

کالم

میاں حبیب

ایک نوجوان ایک ماہر نفسیات ڈاکٹر کے پاس گیا اور اسے کہنے لگا کہ میں آج کل عجیب و غریب مسائل کا شکار ہوں۔ عجیب و غریب سوچوں میں گم رہتا ہوں۔ ڈاکٹر نے کہا کوئی بات نہیں میرے پاس ہر چیز کا علاج ہے آپ کھل کر بتائیں۔ نوجوان بولا کہ میں کچھ نفسیاتی مسائل کا شکار ہوں۔ میں اور میرے والد ہم اکٹھے رہتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل میں نے ایک خاتون سے شادی کر لی، رشتے داری ہونے کے بعد آنا جانا شروع ہوا تو اس کی بیٹی سے میرے میرے والد کی انڈر سٹینڈنگ ہو گئی اور ان دونوں نے بھی شادی کر لی۔ اس طرح میرا والد بیک وقت میرا باپ بھی تھا اور میرا داماد بھی بن گیا۔ میری بیوی میرے باپ کی ساس بھی تھی اور بہو بھی تھی۔ کچھ عرصہ بعد میرے والد کے گھر بچہ پیدا ہو گیا میں اس بچے کا بھائی بھی تھا اور نانا بھی تھا۔ میری بیوی اس بچے کی نانی بن گئی جو میرے والد کی ساس بھی تھی۔ پھر ہمارے گھر بھی بچہ پیدا ہو گیا۔ میرے والد اس بچے کے دادا بن گئے اور بھائی بھی بن گئے۔ ابھی وہ مزید رشتے جوڑ رہا تھا کہ ڈاکٹر نے ہاتھ جوڑ دیے اور کہا کہ تم نے تو میرے دماغ کا دہی بنا دیا ہے میں تیرا کیا علاج کروں گا۔ تم نے مجھے نفسیاتی طور پر ہلا کر رکھ دیا ہے۔ کچھ ایسا ہی حال ریاست اپنے شہریوں کے ساتھ کر رہی ہے پہلے تو عجیب و غریب جوڑ توڑ سے حکومتیں بنائی گئیں، کون کس کے ساتھ ہے کسی کو کوئی سمجھ نہ آنے دی۔ پھر ایسے ایسے دھوبی پٹکے مارے گئے کہ عوام کے دماغ کا دہی بنا دیا گیا۔ ایک طرف خوفناک قسم کے ایکشن کیے گئے اور دوسری طرف انکے زخموں پر مرہم بھی رکھنے کی کوشش کی گئی۔ ایک طرف بھرپور مقبولیت کو قائم رکھنے کیلئے تاثر کو برقرار رکھا گیا، ووٹ بھی دلوا دیے، انکے کھیے بھی جتوا دیے، اس جماعت کو سب سے بڑی پارلیمانی جماعت بھی بنا دیا اور پھر اقتدار کے قریب بھی نہ پھٹکنے دیا۔ انھیں احتجاج کی اجازت بھی دیدی اور احتجاج کو روکنے کا بھی پورا بندوبست کر دیا۔ مقدمات بھی بنا دیے اور سزائیں بھی کروا دیں۔ ماحول میں اتنا خوف پیدا کر دیا کہ دو اڑھائی سال قبل گھروں سے محفوظ ٹھکانوں کی طرف بھاگے ہوئے لوگ ابھی تک گھر واپس نہیں آ سکے۔ انقلاب لانے والوں کو اس قدر ڈرایا گیا کہ بہت سارے سیاست سے ہی توبہ تائب ہو گئے۔ اور اب تو شاہکار قسم کا ماحول بنا دیا گیا ہے۔ ایک طرف حکومت کے ساتھ مذاکرات کا ڈھونگ رچا دیا تو دوسری طرف بیک ڈور چینل چلا دیے۔ جب جی چاہا ان کے لیڈر کو قید تنہائی کا شکار کر دیا، جب جی چاہا رات کے اندھیرے میں تمام جیل ضابطے پس پشت ڈال کر آدھی رات کو بھی ملاقاتیں کروا

بقیہ 1

ملاقات کے دوران اپنے اظہار خیال میں کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کو مثالی ترقی دینے کا آغاز کیا ہے۔ انہوں نے صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا اور نوجوانوں کی تعلیم کے لئے سکالرشپ پروگرام کے آغاز پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے کہا کہ بنیادی اور دیہی مراکز صحت کی اپ گریڈیشن سے پنجاب میں صحت کے انتظام کی بہتری کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ستھرا پنجاب سے دیہی اور شہری علاقوں میں صفائی کا معیاری اور یکساں نظام قائم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر، ماحولیاتی بہتری اور گورننس کے نظام میں بہتری اور اپنی چھت اپنا گھر اور دھی رانی سکیموں پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے اپنی گفتگو میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے عوام کے ساتھ جو وعدے کئے تھے، ہماری "سپری ایم" نے ایک سال میں انہیں پورا کیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ارکان پنجاب اسمبلی سے ان کے حلقوں کے مسائل کے حل سے متعلق بات چیت کی۔

بقیہ 2

ساڑھے 8 ارب روپے کے مائیکروفنانس قرض کا منفرد ریکارڈ ہے۔ مختصر ترین مدت میں اپنی چھت، اپنا گھر کے پورٹل پر 4 لاکھ سے زائد درخواستیں مع دستاویزات جمع ہونے کا ریکارڈ بن گیا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 5 ہزار لون جاری کر دیا گیا، پروگرام کے تحت 5 ہزار سے زائد گھر تیزی سے تکمیل کے حتمی مراحل میں داخل ہیں، فیز ٹو میں ملنے والے 3 ہزار لون سے بھی گھروں کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر ملنے والی درخواستوں کی تصدیق 3 غیر جانبدار مائیکروفنانس ادارے کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے احکامات کے مطابق ایک سال میں ایک لاکھ اور پانچ سال میں پانچ لاکھ گھر بنانے کا ہدف حاصل کیا جائے گا، مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے اہداف حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ ریاست ماں کے جیسی ہے اور ماں کو بے گھر بچوں کا زیادہ احساس ہوتا ہے، اپنی چھت، اپنا گھر پاکستان کا سب سے بہترین بانک پراجیکٹ ثابت ہوگا، دل چاہتا ہے کہ پنجاب میں کوئی بھی بے گھر نہ رہے، سب کے پاس اپنی چھت کا سکھ ہو۔ انہوں نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر میں سفارش نہیں میرٹ پر قرض ملے گا، 15 لاکھ قرض حاصل کرنے والوں کو 9 سال میں ماہانہ 14 ہزار قسط کی صورت میں اصل زر ہی ادا کرنا ہوں گے، پروگرام کے تحت بننے والے مکان دیکھ کر اتنی خوشی ہوتی ہے جیسے اپنا ہی گھر بن رہا ہو۔

بقیہ 3

پر ڈاکہ ڈالا، پی ٹی آئی والے کس منہ سے اپنے لیڈر کی رہائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے موضع تکیہ پلاٹ میں سڑک کے افتتاح کے بعد عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) سے جب بھی حکومت چھینی جاتی ہے پاکستان پر تباہی اور بربادی اپنے سائے ڈال لیتی ہے، ایک اناڑی کو ملک کی چابیاں دے کر کرسی پر بٹھا دیا گیا، وہ خود کہتا تھا کہ مجھے اب پتہ چلا ہے کی حکومت کیسے چلاتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کسی ڈرائیونگ سکول کی گاڑی نہیں تھی، پاکستان کا وزیر اعظم بنا کر کسی کو وزیر اعظم بننے کی تربیت کا موقع دیا جائے، 4 سالوں میں ملک کی معیشت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی، اس شخص نے پاکستانی قوم کو تقسیم کر کے چپے چپے پر جنگ جنائی کروائی۔ یہ دوسروں کو چور ڈاکو کہتا تھا رسیدیں مانگتا تھا جب اس کی رسیدیں دکھانے کی باری آئی تو پتہ چلا اس نے پاکستان پر 64 ارب کا ڈاکہ ڈالا ہے، عمران خان نے غریب عوام کے 64 ارب روپے پر ڈاکہ ڈال کر کھایا، عمران خان کا یہ جرم نہ امریکہ معاف کر سکتا ہے نہ برطانیہ معاف کر سکتا ہے نہ پاکستان کے عوام معاف کریں گے۔ امریکہ، برطانیہ میں کوئی لیڈر 64 ارب روپے کا ڈاکہ خزانے میں ڈالے گا تو اپنی قوم کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے گا، آج پی ٹی آئی والے کس منہ کے ساتھ اپنے لیڈر کی رہائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے آپ کو شیخ رشید کا بیان یاد ہے جب انہوں نے کہا تھا کہ شکر ہے کہ ہماری حکومت چلی گئی ورنہ لوگوں نے ہمیں بڑے پتھر مارنے تھے، چیئرمین ایف بی آر کا بیان یاد ہے انہوں نے گواہی دی تھی کہ عمران خان کے دور میں ملک دیوالیہ ہو چکا تھا۔

بقیہ 4

ہوگا۔ مارٹن ریزر نے حکومت کے معاشی بحالی کے 5 سالہ منصوبے کے حوالے سے کہا کہ پاکستان 2035 تک 1 ٹریلین ڈالر کی معیشت بن سکتا ہے مگر اس کے لیے معاشی اصلاحات پر مملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا۔ عالمی بینک نے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت پاکستان کو 10 سال میں 20 ارب ڈالر کے قرضے یا مالی تعاون کی یقین دہانی کرانے سے قبل حزب اختلاف سمیت سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا ہے۔ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت ورلڈ بینک نے پاکستان کو قرضے یا مالی تعاون کی جو یقین دہانی کرائی ہے وہ ایک تخمینہ ہے مگر پاکستان مختلف پروگرامز کے تحت رعایتی قرضے حاصل کر سکتا ہے۔ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے حوالے سے کئے گئے سوال کے جواب میں مارٹن ریزر کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اپنے موجودہ وسائل پر توجہ دینی چاہئے، پاکستان کے پاس بہت سارے ایسے مواقع ہیں جن سے وہ مزید سرمایہ کاری کو راغب کر سکتا ہے۔

بقیہ 5

آپریشنز میں ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 30 خوارج دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں 3 علیحدہ علیحدہ کارروائیوں میں 30 خوارج کو ہلاک کر دیا تھا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 24 اور 25 جنوری کو خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں تین الگ الگ کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 30 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ضلع کرم میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس کی بنیاد پر ایک آپریشن کیا گیا۔ جس کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا اور 18 خوارج کو ہلاک جبکہ 6 کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ دوسری انٹیلی جنس کارروائی ضلع کرک میں کی گئی جہاں فائرنگ کے تبادلے میں 8 خوارج ہلاک ہوئے اس کے علاوہ تیسری جھڑپ خیبر ضلع کے عمومی علاقے باغ میں ہوئی، جہاں سیکیورٹی فورسز نے 4 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ باغ میں دو طرفہ فائرنگ کے نتیجے میں ہلاک ہونے والوں میں خارجی رہنما عزیز الرحمن عرف قاری اسماعیل اور خارجی مقاص بھی شامل تھے، جبکہ 2 خوارج زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا جبکہ مارے جانے والے دہشت گرد معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے۔ اعلامیے کے مطابق علاقے میں کسی بھی باقی ماندہ خوارج کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہیں، پاک فوج دہشت گردی کے ناسور کو ملک سے مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 6

زیادہ نقصان (ن) لیگ کا ہوگا، اسے سوچنا چاہیے کہ پیپلز پارٹی کی وجہ سے شہباز شریف وزیر اعظم بنے۔ محمود اچکزئی جرگہ کے نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا پنجابی، سندھی، بلوچی اور پختون سب پاکستانی ہیں، سب نے مل کر پاکستان کی ترقی و استحکام کے لئے کام کرنا ہے۔ پیپلز پارٹی محمود اچکزئی جرگہ کے مسائل حل کرنے میں بھرپور کردار ادا کرے گی، پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، حکومت کو چاہیے پیکا ایکٹ میں ترمیم پر صحافیوں سے مشاورت کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی اور (ن) لیگ کو ملک کی خاطر مذاکرات کا راستہ اپنانا چاہیے، صدر آصف زرداری مفاہمت کے بادشاہ ہیں، وہ مفاہمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں۔

بقیہ 7

کے دو رکنی بنچ نے فیصلہ جمعرات کو محفوظ کیا تھا، بنچ کے اختیارات کیس میں فل کورٹ کی تشکیل پر بھی عدالت نے دلائل طلب کئے تھے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل سپریم کورٹ نے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کو سنگین غلطی کا مرتکب قرار دیتے ہوئے عہدے سے ہٹا دیا تھا۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے میں رجسٹرار سپریم کورٹ کو ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل کے معاملے کو دیکھنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اعلامیے کے مطابق ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نے آئینی بنچ کا مقدمہ غلطی سے ریگولر بنچ کے سامنے سماعت کیلئے مقرر کیا، نتیجتاً سپریم کورٹ اور فریقین کے وقت اور وسائل کا ضیاع ہوا۔ خیال رہے کہ ایڈیشنل رجسٹرار نذر عباس نے شوکاز نوٹس واپس لینے کی استدعا کر رکھی ہے، ایڈیشنل رجسٹرار کی شوکاز کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل بھی لارجر بنچ میں پیر کو سماعت کیلئے مقرر ہے۔

بقیہ 8

رانا مشہود احمد خان نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی و سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے اراکین قومی اسمبلی عبدالغفار وٹو، عثمان اویسی اور رکن پنجاب اسمبلی فدا حسین نے بھی ملاقات کی جس میں متعلقہ حلقوں کے امور اور ملک کی مجموعی و سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 9

کے اعتراض کا احترام سے شافی جواب دیا ہے۔ راشد لنگڑیال نے کہا کہ ٹیکس اہداف پورے کریں گے، جو تشی کا کام شروع نہیں کیا۔ کراچی میں سب سے زائد ٹیکس کلیکشن کے حوالے سے ایف بی آر چیئرمین نے وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں بڑی کمپنیز کے ہیڈ کوارٹرز ہیں، یہاں ملٹی نیشنلز کے بھی ہیڈ کوارٹرز ہیں، ٹیکس کلیکشن کا عمل ادھر سے ریکارڈ میں آتا ہے۔ کراچی سے زائد ٹیکس آنے لیکن رقم نہ لگنے پر ایف بی آر چیئرمین سے سوال کیا گیا جس کا انہوں نے جواب دیا کہ یہ معاملہ مالی، فیڈرل ازم اور آئین میں طے ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ٹریکنگ سسٹم ٹرک کے ساتھ گاڑیوں میں بھی 2 سے 3 مہینے میں نصب ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیمنٹ کی قیمت کے معاملے پر مسابقتی کمیشن کو کام کرنا چاہیے۔

بقیہ 10

سے بیرسٹر سیف اور سینیٹر سیاستدان محمد علی درانی نے ملاقات کی۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے سراج الحق کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے امن کے حوالے سے مشاورتی اجلاس میں شرکت کا دعوت نامہ پہنچایا۔ اس موقع پر سراج الحق نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کیلئے ہم ہر طرح کے تعاون کیلئے تیار ہیں، صوبے میں امن کیلئے ایک ہزار جرگے کرنا پڑیں تو کریں۔ سراج الحق نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان کے تعلقات میں خرابی کا سب سے زیادہ نقصان صوبہ خیبر پختونخوا کو ہوگا، صوبے میں امن قائم کرنا وفاقی و صوبائی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی ذمہ داری ہے۔ جماعت اسلامی کے سابق امیر نے کہا کہ دہشت گردی اور لاشوں پر سیاست نہیں ہونی چاہئے، گزشتہ عرصے میں بدامنی کی وجہ سے سب سے زیادہ نقصان صوبہ خیبر پختونخوا کا ہوا۔

بقیہ 11

یہاں موٹر وے کے ساتھ انڈسٹریل زون قائم کیا جائے، انڈسٹریل زون کے قیام سے مقامی آبادی کو روزگار کے مواقع ملیں گے۔ ہمایوں اختر نے حلقہ این اے 97 تاندلیانوالہ کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین سے ملاقات میں کہا کہ حکومت زراعت پر خصوصی توجہ دے اور کسانوں کا ہاتھ تھامے۔

بقیہ 12

ہوئی تھی تو خالد مقبول کو چیئرمین سب نے منتخب کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اس وقت فیصلہ ہوا تھا کہ مرکزی کابینہ ایک ہفتے میں بنے گی جواب تک نہ بنی، پارٹی کی مرکزی کابینہ کب بنے گی، یہ سوال خالد مقبول سے پوچھیں، ذاتی طور پر میں بطور ماتحت کام کرنے کو تیار ہوں لیکن اس کا اجتماعی فائدہ بھی ہو۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کون سی پارٹی ایسی ہے جس میں صرف چیئرمین کے پاس عہدہ ہو اور کسی کے پاس نہ ہو، ہمیں پارٹی عہدے کی فکر بھی نہیں، دوسروں کو یہ بات اچھی نہیں لگتی۔ انہوں نے کہا کہ اب تک سندھ اسمبلی میں ہم اپنے پارلیمانی اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر کا اعلان نہیں کر سکے، اسپیکر سندھ اسمبلی کہتے ہیں کہ پارلیمانی لیڈر کا لیٹر لے کر آؤ، ان کا کمرہ خالی ہے، الاٹ کرنا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما نے کہا کہ مسلم لیگ ن کو ہمارے لیے بھی بہت کچھ کرنا چاہیے تھا، ایم کیو ایم اپنے حلقوں میں فیل ہوئی تو اس کا فائدہ اجتماعی مخالفین کو ہوگا، کراچی میں بلدیاتی حکومت نظر نہیں آ رہی، بلدیاتی نظام نہیں، یہ لوگ فیل ہوئے ہیں۔

بقیہ 13

حل کی امید دم توڑ رہی ہے۔ جماعت اسلامی اسلام آباد کے امیر انعام اللہ رندھاوا کے بیٹے اور بیٹی کی شادی، وزیر آباد ضلع کے امیر ناصر کھیشر کے بیٹے کی ولیمہ تقریب، چکوال میں امیر ضلع عرفان یونس کی جانب سے عصرانہ کی تقریب میں شرکت اور شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاسی بحران کے حل کے لیے سیاسی بصیرت کی ضرورت ہوتی ہے، اہل سیاست کو سیاسی حل کا ہنر آنا چاہیے۔ احتجاج اپوزیشن کا حق ہے، حکومت طاقت کی بجائے گڈ گورننس سے احتجاج کو غیر موثر بنائے۔ سیاسی بحرانوں کا حل عوام کے اعتماد کی بحالی، قومی وحدت اور عوام کی خوشحالی سے ممکن ہے۔ اس کا پائیدار، بااعتماد راستہ آئین، جمہوریت، صوبوں کے حقوق کو تسلیم کرنے اور قومی وسائل کی منصفانہ تقسیم ہے۔ ریاستی اداروں کو زور آوری چھوڑ کر آئین کی پابندی کرنا ہوگی ورنہ سیکورٹی اداروں اور عوام کے درمیان بڑھتی خلیج قومی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ہوگی۔ لیاقت بلوچ نے بے آئی یوتھ اور اسلامی جمعیت طلبہ کے حلقہ احباب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتیں نوجوانوں کی تعلیم، ہنرمندی اور روزگار کے لیے عارضی، نمائشی اور ایڈہاک ازم کے اقدامات کی بجائے مستقل پائیدار نظام بنایا جائے۔ جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن کی تربیتی نظام کے ذریعے 10 لاکھ نوجوانوں کو ہنرمند بنائے گی۔ پنجاب حکومت کے سکل ڈویلپمنٹ کے چیئرمین ڈاکٹر خالد رانجھا ایڈووکیٹ نے رابطہ کیا ہے اور، ٹنجو فاؤنڈیشن، پروگرام کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت اس پروگرام کے اشتراک کے لیے تیار ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ نوجوان نسل باشعور ہے، وقتی، نمائشی اور لالی پاپ کے اقدامات سے مطمئن نہیں ہو سکتی۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل محاذ پر تیز ترین ترقی ہو رہی ہے۔ جہاں ایک طرف یہ ترقی نعمت ہے وہیں اسلامی نظریاتی، تہذیبی، اخلاقی اقدار کے لیے ایک بڑا چیلنج بھی ہے۔ مصنوعی ذہانت موثر ترین ٹیکنالوجی ہے لیکن ٹھوس حقائق پر مبنی تاریخ اور سچائی کو مسخ کرنے کے حوالے سے بڑا خطرہ بھی ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ عالمی ادارے اور عالمی قوتیں فلسطین اور کشمیر کے مسائل حل کریں؛ انہیں حل کیے بغیر اور مسلسل نظرانداز کرنے سے خطہ ہی نہیں عالمی امن کے لیے بڑے خطرات ہوں گے۔ غزہ میں جنگ بندی عارضی اقدام ہے، بنیامین نیتن یاہو کے صیہونیت پرستی اور مسلمانوں کی نسل کشی پر مبنی ذہنیت اور جنگی جرائم سے ہر وقت امن کو خطرہ لاحق ہے، جس کا مستقل اور پائیدار حل مسلم حکمرانوں اور عالمی برادری کا فرض ہے۔ انتہائی کسمپرسی کی حالت میں میانمار، بنگلہ دیش، انڈیا اور دیگر ممالک میں جلاوطنی اور دربدری کی زندگی گزارنے والے دنیا کے سب سے بڑے بے وطن رہ جانیوالے انسان عالمی برادری کی عدم توجہی کا شکار ہیں، دنیا بھر میں انسانی حقوق کے نام پر کام کرنے والی تنظیمیں، عالمی برادری روہنگیا انسانوں کے مسائل حل کرائیں۔

بقیہ 14

کا جوڈیشل کمیشن بنانے میں سنجیدگی کا اظہار کرتی تو بھی یہ نوبت نہ آتی، آج بھی حکومت اگر مان جائے کہ کمیشن بنانے کے لیے ہم تیار ہیں تو پھر شاید مذاکرات کے دوبارہ شروع ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ رہنما مسلم لیگ (ن) سینیٹر عقیل ملک کا کہنا ہے کہ یہاں ایک خواہش کے بعد نئی خواہش جنم لیتی ہے اور منظر عام پر آجاتی ہے، جب تحریری مطالبات آ چکے ہیں اور اس کمیٹی کے کچھ ارکان انفرادی طور پر گاہے بگاہے جا کر ملاقات بھی کر چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج بھی کمیٹی کے کچھ ممبران کی ملاقات ہوئی لیکن اب کہا جا رہا ہے کہ بس ایک ملاقات وہ کرا دیں اور تب آپ سے فائنل معاملات لیکر چلیں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ میں تو یہ کہتا ہے کہ یہ بھی جب تمام کر کے دیکھ لیتے ہیں آج ہی اس خواہش کا اظہار کیا گیا ہے یہ فرمائش کی گئی ہے تو ممکنہ طور پر کل یا پرسوں ملاقات ہو جائے گی۔ رہنما پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں ہمارے ممبران نے جن تحفظات کا اظہار کیا یہ پارٹی کا اعلیٰ ترین فورم تھا، یہ تحفظات وہی تھے جو ہم آئے دن مختلف اوقات میں مختلف مواقع پر میڈیا کے ذریعے یہ بات آپ تک پہنچاتے رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) تک بھی پہنچاتے رہے ہیں کہ ہمارے تحفظات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے جو اگیریمنٹ ہوئے ہوئے ہیں ان کے مطابق عملدرآمد نہیں ہو رہا، ہم سمجھوتہ کرتے رہے اور آج بھی کر رہے ہیں کہ اگر آپ اسموتھ گورننس چاہتے ہیں، ملک پہلے ہی بڑے مسائل کا شکار ہے تو ہمارے ساتھ جو طے شدہ فارمولا ہے اس پر تو کم از کم عملدرآمد کریں۔

بقیہ 15

منصوبہ بندی نے کابینہ ڈویژن کی ڈیمانڈ پر سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز انچیومنٹ پروگرام کے تحت 3.48 ارب روپے جاری کرنے کی اجازت دی ہے۔ وزارت منصوبہ بندی اور ترقیات نے اراکین پارلیمان کی اسکیموں کیلئے 13 سے 17 جنوری کے درمیان مزید 30، 9 ارب روپے جاری کرنے کی منظوری دی ہے، جس سے 17 جنوری تک اراکین پارلیمان کی اسکیموں کیلئے جاری کردہ رقم کی مجموعی تعداد 3.48 ارب روپے ہوگئی ہے، جبکہ دسمبر 2024 تک محض 5.17 ارب روپے کی رقم منظور کی گئی تھی۔ وزارتی ذرائع نے بتایا کہ اتحادی جماعتوں کی جانب سے اپنی ترقیاتی اسکیموں کیلئے فنڈز مانگے جانے کی وجہ سے رواں ماہ تین گنا زیادہ فنڈز جاری کرنے کی اجازت دی گئی ہے، وزارت خزانہ کی بجٹ ریلیز کی حکمت عملی کے تحت، اس مالی سال کی پہلی تین سہ ماہیوں (جولائی تا مارچ) کے دوران کل مختص بجٹ کا زیادہ سے زیادہ 60 فیصد جاری کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ اراکین پارلیمنٹ کے لیے سالانہ 50 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، جس کا 60 فیصد فنڈز 29 ارب روپے بنتا ہے، اس طرح 19 ارب روپے حد سے زیادہ جاری کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزارت منصوبہ بندی نے 13 جنوری کو 5.12 ارب روپے منظور کیے، جس سے مجموعی ریلیز 30 ارب روپے ہوگئی، جو منظور شدہ حد سے معمولی زیادہ ہے، تاہم اس کے باوجود کابینہ ڈویژن کی جانب سے مزید فنڈز مانگے جانے پر وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے 17 جنوری کو مزید 4.18 ارب روپے جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ اس طرح تیسری سہ ماہی کے دوران کابینہ ڈویژن کی درخواست پر وزارت منصوبہ بندی نے 4.18 ارب روپے اضافی جاری کرنے کی منظوری دے دی اور یوں رواں مالی سال کے دوران مجموعی طور پر 4.48 ارب روپے جاری کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ وزارت منصوبہ بندی نے اس حوالے سے کہا ہے کہ یہ اجازت قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کی طرف سے منظور شدہ ریلیز کے آسان طریقہ کار اور فنانس ڈویژن کی حکمت عملی 2024-25 کے مطابق دی جاری ہے تاہم 5.18 ارب روپے جاری کرنا فنانس ڈویژن کی ہدایات کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 16

سربراہوں کا انٹرنیشنل امن ڈائیلاگ کا ہونا ہے، امن ڈائیلاگ میں دنیا بھر کی سینئر عسکری قیادت علاقائی سلامتی اور سمندری خطرات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر غور کریگی، مشق کے ساتھ ساتھ ہونے والے پہلے انٹرنیشنل امن ڈائیلاگ میں دنیا بھر سے کم و بیش 120 وفود شرکت کریں گے، امن مشق 2025 میں؛ دنیا بھر سے کم و بیش 60 ممالک؛ اپنے بحری جہازوں، ہوائی جہازوں، سپیشل سروسز گروپس اور مندوبین کے ساتھ شرکت کریں گے، 4 ہزار سے زائد افراد کی اس عالمی بحری مشق اور ڈائیلاگ میں شرکت کی وجہ سے؛ یہ اس خطے کی نمایاں ترین اور تاریخ ساز فوجی سرگرمی ہوگی، امن مشقیں 2007 سے ہر دو سال بعد منعقد کی جا رہی ہیں، 2023 میں ہونے والی آٹھویں امن مشقوں میں 50 ممالک نے شرکت کی، امن مشق کا مقصد علاقائی امن اور تعاون کو فروغ دینا ہے اور یہ بار بر اور سمندر کے مرحلوں پر مشتمل ہوتی ہیں، امن 2025 مشق کی افتتاحی تقریب پاکستان نیوی ڈاکیارڈ میں منعقد کی جائے گی، امن مشق کے دوران پاک میریٹز اور اسپیشل سروس گروپ (نیوی) کا ڈائنٹریز رازم کے حوالے سے مہارت کا مظاہرہ بھی کریں گے، سمندر میں میری ٹائم جرائم کے خلاف مشترکہ آپریشنز کی مشقیں بھی کی جائیں گی، امن مشق کا اختتام 11 فروری کو انٹرنیشنل فلیٹ ریویو کے ساتھ ہوگا جس میں اعلیٰ ترین غیر ملکی اور ملکی شخصیات کریں گی۔

بقیہ 17

کہنا تھا کہ دہشتگردی صرف پاکستان ہی نہیں سب کی مشترکہ لڑائی ہے، میرے امریکا دورے کا مقصد امریکی سیاست دانوں سے مل کر دہشت گردی کے خلاف موثر پلان بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف جو بھی ہتھیار اٹھائے گا اس سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا میں بیٹھ کے خلاف کسی تقریب میں شرکت نہیں کی، مجاہدین زہریلا پراپیگنڈہ کر رہے ہیں، نوجوانوں کی تقریب میں شرکت کی تھی، اس کو پراپیگنڈہ کر کے غلط رنگ دیا گیا، ایسے پروپیگنڈے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، میں کبھی بھی اپنی چائنہ فکشن میں نہیں گیا۔ وفاقی وزیر محسن نقوی نے مزید کہا کہ امریکا کے ایوان نمائندگان کو پاکستان کے خلاف اکسایا جا رہا ہے، سیاست کریں لیکن اس حد تک نہ جائیں کہ پاکستان کا نقصان ہو، کانگریس اراکین کے ساتھ ملاقاتیں بہت مثبت رہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ امریکا میں کسی بھی اپنی چائنہ تقریب میں شرکت نہیں کی، مخالفین کی جانب سے زہریلا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ نوجوانوں کی تقریب میں ان کی شرکت کو غلط رنگ دیا جا رہا ہے لیکن کسی بھی اپنی چائنہ فکشن میں نہیں گیا اور اس قسم کے پروپیگنڈے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ ان کے دورہ امریکا کا مقصد دہشت گردی کے خلاف ایک موثر حکمت عملی ترتیب دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی صرف پاکستان کی جنگ نہیں بلکہ یہ سب کی مشترکہ لڑائی ہے اور پاکستان کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ کانگریس اراکین کے ساتھ ملاقاتوں کو مثبت قرار دیتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے لیے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کی گئی۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کے مسائل کے حل کے لیے عالمی برادری کا تعاون ضروری ہے۔

بقیہ 18

پچھر عرصے کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہمیں دے دیں اور مراد علی شاہ آپ رکھ لیں۔ اجلاس میں شریک تمام تاجروں نے مریم نواز کو وزیر اعلیٰ سندھ بنانے کی حمایت کر دی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال تاجر رہنما کے مطالبے پر بے ساختہ مسکرا دیئے تاہم انہوں نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ 19

ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا۔ پیپلز پارٹی ٹھیک چل رہی ہے اور پیپلز پارٹی سیاست بھی ٹھیک کر رہی ہے، ہم اس بات کو سمجھتے ہیں کہ پیپلز پارٹی نے پچھلے دنوں جو اسٹینڈ لئے ہیں اس پر ان کے ووٹ بینک میں اضافہ ہوا ہے، سندھ میں پانی کے مسئلے پر کھڑے ہوئے، اگر کوئی یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں گرائیں گے ایسا نہیں ہوگا، پیپلز پارٹی حکومت گرانے کی طرف نہیں جائے گی۔ آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، وہ عصر حاضر کے تقاضوں کو گہرائی میں سمجھتے ہیں، ان کو ہر چیز کا معلوم ہے، بلاول بھٹو اور پیپلز پارٹی کو وہ ایک لائن بھی کراس نہیں کرنے دیں گے۔ لیکن اس میں مصیبت یہ ہے، میرا خیال ہے کہ بلاول بھٹو آصف زرداری کا نہیں ہے نظیر بھٹو کا بیٹا ہے، اس لئے ان کو کوئی نہ کو مشکل تو پیش آتی رہے گی۔ یہ میں اس لئے کہتا ہوں کہ آصف زرداری سسٹم کو گرنے نہیں دیں گے، کیونکہ وہ سمجھتے ہیں اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا۔ اسی طرح مولانا فضل الرحمان بھی بڑے سینئر اور سمجھدار سیاست دان ہیں، وہ بھی اس لائن کو کراس نہیں کریں گے۔ موجودہ صورتحال میں شہباز شریف نے جس طرح محنت کی اور سب کو جوڑے رکھا، ملک کو معاشی بحران سے نکالا، ابھی ہم مستحکم نہیں ہوئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف ہی واحد وزیر اعظم ہیں جو ملک کو مشکل سے نکال سکتے ہیں، یہ بات زرداری اور مولانا دونوں سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اگر مولانا فضل الرحمان کو ساتھ رکھتی، تو پھر 24 نومبر کا واقعہ نہ ہوتا۔ 24 نومبر والا معاملہ خودکش حملہ تھا جس کا پی ٹی آئی نے خود اپنا نقصان کیا۔

بقیہ 20

کے مطابق کراچی لاہور کی پروازیں پی کے 302 اور 307 منسوخ ہوگئیں جبکہ کراچی اسلام آباد کی 6 پروازوں میں ایک سے دو گھنٹے تاخیر کر دی گئی۔ اسی طرح کراچی لاہور کی قومی ائیر کی پروازیں پی کے 304 میں ایک گھنٹے کی تاخیر کی گئی۔ اسلام آباد اور پشاور سے مسقط کی پروازوں پی کے 287، 286 اور 285 میں بھی تاخیر ہوئی، کراچی، لاہور اور اسلام آباد سے کوئٹہ کی پروازوں میں تاخیر ہوئی۔ اس کے علاوہ ملتان سے مسقط کی پروازوں کی روانگی میں غیر یقینی صورتحال دیکھی گئی۔ لاہور سے دبئی دمام کی پروازیں پی کے 203، 247 میں ڈھائی سے 4 گھنٹے اور کراچی جدہ کی 2 پروازیں پی کے 871، 731 کی روانگی میں تاخیر کا بتایا گیا۔

بقیہ 21

قیمتوں میں کمی آگئی ہے۔ پارا چنار میں ٹماٹر 150، پیاز 250، ہری مرچ کی قیمت 800 سے 400 روپے پر آگئی جبکہ شہر کے مختلف مقامات پر آٹا مہنگا ہو کر 40 کلو بوری کی قیمت 9500 روپے پر پہنچ گئی۔ علاوہ شہر میں چھلوں کی قیمتوں میں بھی کمی آگئی ہے، مالٹا 600 سے 400 اور لیمن 800 سے 500 روپے تک آگئے ہیں۔ سبزی منڈی کے صدر محسن علی کا کہنا ہے کہ مزید گاڑیاں آنے پر نرخوں میں مزید کمی متوقع ہے۔ سامی رہنما میر افضل خان نے کہا کہ اپل پی جی اور پیٹرول ڈیزل کی کمی کو پورا کیا جائے

City News

سٹی نیوز

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور تحفظ منزل فوسٹر ہوم کی پہلی سالگرہ پر منعقدہ پروقار تقریب میں بچوں کے ہمراہ موجود ہیں

2 سال سے ضلع اٹک میں فسطائیت، ظلم، جبر اور لاقانونیت کا بازار گرم ہے، شیخ قیصر

انبساط طاہر صادق کو ضمانت کے باوجود گرفتار کرنا قانون کو پاؤں تلے روندنے کے مترادف ہے، بیان

اٹک (نامہ نگار) رہنما پاکستان تحریک انصاف یو کے شیخ قیصر جمیل نے کہا ہے کہ سابق ضلع ناظم اٹک میجر (ر) طاہر صادق کی صاحبزادی انبساط طاہر صادق کو پشاور ہائی کورٹ سے ضمانت کنفرم ہونے کے باوجود گرفتار کرنا آئین اور قانون کو پاؤں تلے روندنے کے مترادف ہے گزشتہ 2 سالوں سے ضلع اٹک میں فسطائیت، ظلم، جبر اور لاقانونیت کا بازار گرم ہے، پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان کے گھروں میں بغیر سرچ وارنٹ اور بغیر لیڈی پولیس کے گھسنا انتقامیہ کا طریقہ بن چکا ہے، ڈی پی او/ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی خصوصی فرمائش پر ایس ایچ او تھانہ سٹی اٹک ملک مجاہد عباس کا لقب پوش پولیس فورس سمیت چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کر کے انبساط طاہر کو گرفتار کرنا سراسر ناانصافی ہے، طہارت کے کاغذات دکھانے کے باوجود انہیں 4 سے 5 گھنٹے پولیس اسٹیشن میں رکھا گیا جس کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو کے سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت اور ورکروں پر 2 سالوں سے ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، ان کی ناجائز گرفتاریوں سے انہیں کمزور بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔

اسلام آباد: غیر قانونی تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ کا آپریشن جاری ہے

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کی دو روزہ 19 ویں کانووکیشن تقریب اختتام پذیر

وائس چانسلر نے طلبا کی مالی مدد کے لئے سکالرشپ مختص کئے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی نہ صرف جدید تعلیم فراہم کرتی ہے بلکہ اسلامی اصولوں پر مبنی ایک جامع نظام کو بھی فروغ دیتی ہے، فارغ التحصیل طلبا اپنی تعلیم اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 19 ویں کانووکیشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ دو روزہ تقریب اتوار کے روز جناح کنونشن سینٹر میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد نے طلبا اور اساتذہ کی تعلیم و تربیت کے لئے یونیورسٹی کی لگن پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی نہ صرف جدید تعلیم فراہم کرتی ہے بلکہ اسلامی اصولوں پر مبنی ایک جامع نظام کو بھی فروغ دیتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی نے طلبا کی مالی مدد کے لئے سکالرشپ مختص کئے ہیں، تعلیمی پروگراموں کو بہتر بنانے میں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس اور ڈینز کا کلیدی کردار ہے جس پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وائس چانسلر نے گریجویٹس کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی عملی زندگی میں سیکھے گئے علم اور اقدار پر عمل کریں، اپنے والدین کی عزت کریں جنہوں نے ان کی کامیابی کے لئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور ان کی مستقبل کی کوششوں میں تندہی سے کام کریں۔ مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے گریجویٹس اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی قربانیوں کا اعتراف کیا جنہوں نے ان کے بچوں کو علم حاصل کرنے اور روشن مستقبل کو محفوظ بنانے کے قابل بنایا۔

روبینہ خالد کی چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مینٹیننر ایم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے سپیکر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چوہدری لطیف اکبر پر بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حملے میں ملوث مجرموں کو فوری طور پر گرفتار کیا جانا چاہئے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے اس بات پر زور دیا کہ شفاف تحقیقات کے بعد مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لطیف اکبر پر حملہ آزاد جموں وکشمیر حکومت اور جمہوریت پر حملہ ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے حملے میں چوہدری لطیف اکبر کی سلامتی پر اظہار تشکر کے کلمات ادا کئے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

امانت میں خیانت کے مقدمات میں مطلوب تین مجرمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمات میں مطلوب تین اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان مراد، عمر اور ندیم کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان وارث خان پولیس کو مطلوب تھے۔ ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

پہاڑی علاقوں میں صبح/رات کے اوقات میں شدید سرد رہنے کا امکان

آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں صبح/رات کے اوقات میں شدید سرد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہا۔ اتوار کو ریکارڈ کئے گئے کم سے کم درجہ حرارت کی رپورٹ کے مطابق لہہ میں درجہ حرارت منفی 13، گولس منفی 11، استور، سکردو منفی 10، بنجو منفی 6، قلات اور کوئٹہ میں منفی 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

کسانوں کو معیاری کھاد اور اپنی خدمات فراہم کرنے کیلئے مرکز سینٹر قائم

وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے اینگرو فرٹیلائزرز کے مرکز سینٹر کا افتتاح کیا

کراچی (نمائندہ) کسانوں کو سرکاری قیمت پر اعلیٰ معیار کی کھاد کی فراہمی یقینی بنانے اور حکومتی کوششوں کو سپورٹ فراہم کرنے کیلئے اینگرو فرٹیلائزرز نے مریدکے میں مرکز سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے۔ اس سینٹر کے اضافے کے ساتھ کمپنی اب مریدکے، بہاولپور، سرگودھا اور ساہیوال میں چار مرکز سینٹرز چلا رہی ہے، جس سے ان علاقوں کے کسانوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار اور نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے مریدکے میں مرکز سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کے حکام، صوبائی ایڈمنسٹریٹرز، کسان رہنماؤں اور اینگرو فرٹیلائزرز کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں ملک کے زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کیلئے سرکاری قیمت پر کھادوں کی بلاتعطل دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت اور فرٹیلائزر انڈسٹری مل کر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے حکومت کے اقدامات کو سپورٹ فراہم کرنے کیلئے مختلف اضلاع میں مرکز سینٹر قائم کرنے پر اینگرو فرٹیلائزرز کی کوششوں کو سراہا۔ اینگرو فرٹیلائزرز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر علی راٹھور نے اپنے خطاب میں زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک کے محنتی کسانوں کو فائدہ پہنچانے اور پاکستان کے غذائی تحفظ کو بڑھانے کیلئے اینگرو فرٹیلائزرز نے زراعت کے شعبے کو ترقی دینے کیلئے ہمیشہ حکومت کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ یہ مرکز سینٹرز اعلیٰ معیار کی کھاد کی بروقت دستیابی کو یقینی بنا کر کسانوں کو ریلیف فراہم کریں گے۔ اس کے علاوہ یہ مرکز سینٹرز اینگرو فرٹیلائزرز کی جدید مصنوعات اور ٹیکنالوجیز کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے مرکز کے طور پر کام کریں گے اور ہماری فصل اور پیداوار کو بہتر بنانے اور انہیں عالمی معیار کے مطابق لانے میں مدد فراہم کریں گے۔

تمام صارف طبقات کیلئے گیس کی قیمتیں برقرار

قیمتوں کا باضابطہ نوٹیفکیشن سرکاری گزٹ میں اشاعت کے لئے جاری کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت نے گھریلو صارفین، خصوصی روٹی تندور، جنرل انڈسٹری (پروسیس)، کمرشل، سی این جی، سیمنٹ، فرٹیلائزر اور پاور سمیت دیگر تمام صارف طبقات کے لیے گیس کی فروخت کی قیمتوں میں کوئی ردوبدل نہیں کی ہے۔ ترجمان اوگرا کی طرف سے اتوار کو جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی حکومت نے اوگرا کی جانب سے ایس این جی پی ایل اور ایس ایس جی سی ایل کی مالی سال 2024-25 کے لیے محصولات کی تخمینہ ضرورت کے جائزے کے جواب میں گیس کی فروخت کی قیمتوں کے حوالے سے ایڈوائس جاری کر دی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یکم فروری 2025 سے جنرل انڈسٹری (کیپٹو) کے لئے گیس کی فروخت کی قیمت 3000 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو سے بڑھا کر 3500 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کی گئی ہے۔ گھریلو صارفین، خصوصی روٹی تندور، جنرل انڈسٹری (پروسیس)، کمرشل، سی این جی، سیمنٹ، فرٹیلائزر اور پاور سمیت دیگر تمام کنزیومر کیٹیگریز کے لیے گیس کی فروخت کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اس نظرثانی شدہ قیمتوں کا باضابطہ نوٹیفکیشن سرکاری گزٹ میں اشاعت کے لئے جاری کر دیا گیا ہے اور اوگرا کی ویب سائٹ www.ogra.org پر بھی دستیاب ہے۔

صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے کا حکم

پتنگ فروشوں، مینوفیکچررز کیخلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ آر پی اوز، سی پی او/ڈی پی اوز پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 481 ملزمان کو گرفتار کر کے 468 مقدمات درج کئے گئے۔ 30 ہزار سے زائد پتنگیں اور 953 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں جبکہ 300 سے زائد کیسز کے چالان جمع کروائے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 180 سے زائد ملزمان کو گرفتار، 187 مقدمات درج کیے گئے 1000 سے زائد پتنگیں اور 210 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔ گذشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان گرفتار اور 11866 مقدمات درج کیے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں۔

ایس پی ٹریفک ڈیولپمنٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ، اسلام آباد طارق محمود نے سرینہ ہوٹل سیکورٹی ڈیوٹی کا معائنہ کیا۔

اسلام آباد: جناح ایونیو فلائی اوور منصوبے پر ہیوی مشینری کے ذریعے ترقیاتی کام جاری ہے

وارث خان پولیس کی پتنگ سپلائرز کیخلاف کارروائی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس نے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان گرفتار کر کے پتنگیں اور ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کیا، گرفتار ملزمان میں بلال، توفیق اور مہران شامل ہیں، ملزمان سے پتنگیں اور ڈوریں برآمد ہوئیں۔ ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے کہا کہ پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

4 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، شراب، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان گرفتار کر کے شراب، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم سجاول سے 10 لیٹر شراب، ملزم آصف سے 01 بوتل شراب، ملزم عاطف سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیر آباد پولیس نے ملزم عبدالرضوان سے 10 لیٹر شراب برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب سپلائرز، ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر فائرنگ کے واقعے کی مذمت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سفیران انجینئر امیر مقام نے سپیکر آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر فائرنگ کے واقعے کی مذمت کی ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ انہوں کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ چوہدری لطیف اکبر حملے میں محفوظ رہے، انہوں نے کہا کہ واقعہ کی فوری تحقیقات کر کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔

پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پنجاب لوک موسیقی کی محفل کا انعقاد

اس موقع پر نازک حسین اور ارم عباسی میں شعر خوانی کا مقابلہ بھی ہوا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پنجاب لوک موسیقی کی محفل کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد لوک گائیکی کی مختلف اصناف کو فروغ دینا اور مقامی فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ محفل میں خطہ پوٹھوہار کی لوک موسیقی شعر خوانی کو معروف شعر خوان نازک حسین اور ارم عباسی نے خوبصورت انداز میں پیش کیا۔ اس موقع پر نازک حسین اور ارم عباسی میں شعر خوانی کا مقابلہ بھی ہوا۔ خطہ پوٹھوہار کے روایتی ساز ندے ستار، گھڑا، ڈھولک اور ہارمونیم کے ذریعے شعر پیش کئے گئے۔ اس کے علاوہ لوک موسیقی میں شوکت علی خان کے صاحبزادے علی عمران شوکت علی اور غلام عباس نے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ عمران شوکت نے اپنے والد کے مشہور گیت پیش کیے جسے لوگوں نے بے حد پسند کیا۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین کا کہنا تھا کہ لوک موسیقی کی اپنی تاثیر ہے اور شعر خوانی اس خطے کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی فنکاروں کو پلیٹ فارم مہیا کرنا آرٹس کونسل کی ذمہ داری ہے۔ آرٹس کونسل فنون لطیفہ کے تمام شعبوں کی ترویج کے لیے کوشاں ہے۔

پاکستانی ٹیم کی شارجہ انٹرنیشنل تائیکوانڈو تربیتی کیمپ میں شرکت

پاکستان کی قومی ٹیم کے لیے ان کی غیر متزلزل حمایت اور شراکت کے لیے ان کی تعریف کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستانی ٹیم پانچ فروری تک جاری رہنے والے 11 ویں شارجہ انٹرنیشنل تائیکوانڈو تربیتی کیمپ میں شرکت کے لیے متحدہ عرب امارات کے شہر شارجہ میں موجود ہے۔ جاری پریس ریلیز میں کہا گیا کہ کیمپ میں روس، سعودی عرب، قازقستان، یوکرین، متحدہ عرب امارات اور ازبکستان سمیت مختلف ممالک کی ٹیموں کو اکٹھا کیا گیا ہے، جس میں آنے والے دنوں میں مزید ممالک کی شمولیت متوقع ہے۔ کیمپ کے دوران پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے سی ای او عمر سعید نے انجینئر سلیمان عبدالرحمٰن الحاجی، شارجہ اسپورٹس کلب میں انفرادی کھیلوں کے چیئرمین اور کوچ عبداللہ حاتم سے ملاقات کی۔ عمر سعید نے پاکستان کی قومی ٹیم کے لیے ان کی غیر متزلزل حمایت اور شراکت کے لیے ان کی تعریف کی۔ 11 واں شارجہ انٹرنیشنل تائیکوانڈو ٹریننگ کیمپ کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے، اعلیٰ سطح کے تربیتی سیشنز میں مشغول ہونے اور کھیل میں بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرے گا۔

پاکستان کسٹمز نے اپنی کارکردگی کو جدید بنانے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں

ہ پاکستان کسٹمز خود کو جدید، متحرک اور مستقبل کو پیش نظر رکھنے والا ادارہ بنانے کی کوشش کر رہا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ پاکستان کسٹمز نے اپنی کارکردگی کو جدید بنانے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، جن میں پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) اور فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ سسٹم کا نفاذ شامل ہے، ان اقدامات سے تجارتی عمل تیز، شفاف اور آسان ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا اور برآمدی سامان کی کلیئرنس مختصر وقت میں ممکن ہوئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو انٹرنیشنل کسٹمز ڈے۔ 2025 کی مناسبت سے کسٹمز ہاؤس کراچی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کہا کہ پاکستان کسٹمز نے اپنی کارکردگی کو جدید بنانے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، جس کے نتیجے میں محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور برآمدی سامان کی کلیئرنس مختصر وقت میں ممکن ہوئی ہے۔ تاجروں کے ساتھ حالیہ ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کراچی کے تجارتی حلقے پاکستان کسٹمز کی جانب سے فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ سسٹم کے نفاذ پر خوش ہیں۔ چیئرمین ایف بی آر نے ورلڈ کسٹمز ڈے۔ 2025 کو ٹٹ کسٹمز کارکردگی، سلامتی اور خوشحالی کے لئے اپنے عزم پر کاربند ٹٹ کو پاکستان کسٹمز کے لیے نہایت اہم قرار دیا کیونکہ پاکستان کسٹمز خود کو جدید، متحرک اور مستقبل کو پیش نظر رکھنے والا ادارہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔

اسلام آباد: چیئرمین کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈی جی پروفیسر محمد عامر، راجہ زاہد، پروفیسر امجد خان غوری گارڈن کیمپس کا افتتاح کر رہے ہیں

رایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کے اشتراک سے یوتھ کانفرنس کا انعقاد

صحت مند معاشرے کو پروان چڑھانے میں صحت مند ماں کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) محکمہ بہبود آبادی راولپنڈی اور ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کے اشتراک سے چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ پروگرام کے تحت یوتھ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں وائس چانسلر ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد نعیم، ڈپٹی رجسٹرار ایرڈ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر نازیہ رفیق، ضلعی آفیسر محکمہ بہبود آبادی شیریں سخن، پروفیسر ڈاکٹر شہباز احمد خان سمیت مختلف تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ یوتھ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی آفیسر محکمہ بہبود آبادی شیریں سخن نے کہا کہ وسائل اور آبادی میں توازن خاندان کی خوشحالی کا ضامن ہے، ہمیں اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لانی ہوگی، صحت مند بچے ہی معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر شہباز احمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ وقت کی ضرورت ہے کہ وسائل اور آبادی میں توازن کے موضوع پر جامع گفتگو کی جائے۔ اس حوالے سے یوتھ کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے۔ ایسے اقدامات آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ دیگر مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحت مند معاشرے کو پروان چڑھانے میں صحت مند ماں کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے۔

راولپنڈی: کام کاج کرنے والی خاتون کا موبائل فون لے کر فرار ہونے والا ملزم گرفتار

رن وے کے قریب کتے کی موجودگی کی اطلاع کو خلیجی پرواز سے جوڑنا گمراہ کن

ہ گراؤنڈ ٹیم نے فوری طور پر مذکورہ علاقے میں جانور کی تلاشی شروع کر دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے کہا ہے کہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر رن وے کے قریب ایک کتے کی موجودگی کی اطلاع کو خلیجی ملک کی پرواز سے جوڑ کر پیش کرنا گمراہ کن، بلاجواز اور اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کے مترادف ہے، جس واقعے کو گزشتہ روز کا بنا کر پیش کیا گیا دراصل ایک ہفتہ پرانا واقعہ ہے جو غلط رپورٹ ہوا ہے۔ پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی کے ترجمان کی طرف سے جاری وضاحتی بیان میں اس خبر کی سختی سے تردید کی گئی اور کہا کہ پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی غلط خبر چلانے والے چینلز سے آئندہ ذمہ دارانہ رپورٹنگ کی امید کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے بعض میڈیا حلقوں کی جانب سے کی گئی مذکورہ رپورٹنگ کو گمراہ کن قرار دیا ہے، جس میں اسلام آباد ایئر پورٹ پر رن وے کے قریب ایک کتے کی موجودگی کو خلیجی ملک کی پرواز سے جوڑ کر پیش کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ ایک ہفتے سے زیادہ عرصہ قبل علی الصبح یورپی ملک کی ایک کمرشل پرواز کے پائلٹ نے ٹیکسی کے دوران ایئر ٹریفک کنٹرولر (اے ٹی سی) کو اطلاع دی کہ انہوں نے کچھ فاصلے پر ایک چھوٹا جانور دیکھا ہے۔ پائلٹ اس بات پر غیر یقینی تھا کہ یہ گیدڑ ہے یا کتا۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر اے ٹی سی نے ایک آنے والی خلیجی ملک کی پرواز کو گراؤنڈ کرنے کی ہدایت دی جبکہ گراؤنڈ ٹیم نے فوری طور پر مذکورہ علاقے میں جانور کی تلاشی شروع کر دی اور مکمل تسلی کے بعد بتایا کہ وہاں کوئی جانور موجود نہیں، پرواز نے جلد ہی بحفاظت لینڈنگ کی۔

راولپنڈی سے 4 منشیات فروش گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 4 ملزمان گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے ملزم عاطف سے 750 گرام چرس، ملزم محمد عابد سے 560 گرام چرس، ملزم عابد حسین سے 550 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ملزم شاکر اللہ سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

دنیا کے آلودہ شہروں کی فہرست میں لاہور پانچویں نمبر پر

لاہور (نیوز رپورٹر) تعطیل کے روز دنیا کے آلودہ شہروں کی فہرست میں لاہور پانچویں نمبر پر رہا۔ لاہور کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 166 ریکارڈ کیا گیا جبکہ مختلف علاقوں گداحسین ہاؤس جوہر ٹاؤن میں سب سے زیادہ شرح آلودگی 237 ریکارڈ کی گئی، آئی ڈی گرین ڈی ایچ اے میں آلودگی کی شرح 221، خیابان اقبال ڈی ایچ اے میں آلودگی کی شرح 202، عسکری ٹین 188، ڈی ایچ اے فیز ایٹ میں شرح آلودگی 180 ریکارڈ کی گئی۔

لاپتا خاتون وکیل کی لاش حافظ آباد کی نہر سے برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) نواب ٹاؤن کے علاقے سے لاپتہ ہونے والی خاتون وکیل کی لاش حافظ آباد کی نہر سے برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق سائرہ کی لاش بوری میں بند تھی جس کی شناخت کرنا بھی مشکل تھی۔ ایڈووکیٹ سائرہ کے لاپتہ ہونے کی ایف آئی آر بہن عائشہ کی مدعیت میں تھانہ نواب ٹاؤن میں درج کی گئی تھی۔ حافظ آباد پولیس نے ایف آئی آر درج کر کے لاش کی تدفین کر دی۔ لاہور پولیس اطلاع ملتے ہی حافظ آباد روانہ ہوگئی، مقتولہ کی کچھ عرصہ پہلے بلال نامی شخص شادی ہوئی تھی۔

اسلام آباد کیریئر کالج علی پور کیمپس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

پروفیسر محمد عامر کا افتتاح کی خوشی میں داخلے مفت کرنے کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ) اسلام آباد کیریئر کالج علی پور کیمپس کی افتتاحی تقریب کے انعقاد کے موقع پر اہلیان علاقہ کی بھرپور شرکت۔ آئی سی سی غوری گارڈن کے طلباء کی زبردست پرفارمنس۔ چیئرمین کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈائریکٹر جنرل پروفیسر محمد عامر، سابق رہنما راجہ زاہد، پرنسپل علی پور پروفیسر امجد خان، غوری گارڈن کیمپس کے پرنسپل سمیع اللہ، پرنسپل ٹھنڈا پانی کیمپس افراز عباسی، ڈپٹی ڈائریکٹر سالم الحزام، ماہرین تعلیم اور اہلیان علاقہ نے آئی سی سی علی پور کیمپس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں سینکڑوں اہلیان علاقہ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر محمد عامر نے افتتاح کی خوشی میں داخلے مفت کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سستی اور معیاری تعلیم دیں گے۔ 26 فروری سے نئی کلاسز کا آغاز کریں گے۔ کیریئر کی سوچ اور نظریہ محنت اور ایمانداری ہے۔ ملک کے لئے محنتی اور ایماندار قیادت تیار کریں گے۔ دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے جدید طرز تعلیم دیں گے۔ جس کے تعلیمی نظام میں جدید آلات استعمال کریں گے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ اللہ کے نظام سے روشنی لے کر پالیسیاں بناتے ہیں۔ ملک میں کیریئر کالجز کی 100 برانچز کا قیام ہمارا ہدف ہے۔ یتیم بچوں کو مفت تعلیم دیں گے۔ جس کے لئے پیش قدمی کر رہے ہیں۔ اہلیان علی پور کے بچوں کے محفوظ اور کامیاب مستقبل کو یقینی بنائیں گے۔ پرنسپل علی پور کیمپس امجد خان نے کہا کہ اہلیان علاقہ کو بہترین اور جدید تعلیمی خدمات دیں گے۔ میرٹ پر تجربہ کار اساتذہ کی خدمات حاصل کریں گے۔ بچوں کی مثبت تربیت اور قابلے کی سوچ کے ساتھ فیڈرل بورڈ میں بہترین نتائج دیں گے۔ کیریئر کالج سے ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، کاروباری شخصیات پیدا کریں گے۔

صحت سہولت پروگرام میں خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کی کوشش

حکومت کو سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی فنانسنگ کے بارے میں ایک بنیادی فیصلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) نے صحت سہولت پروگرام (ایس ایس پی) کی شکایات کے ازالے (جی آر) کے نظام سے متعلق تفصیلی جائزہ رپورٹ جاری کر دی۔ یہ صحت سہولت پروگرام (ایس ایس پی) تاریخی پروگرام ہے جو پاکستان کے 68 اضلاع میں 9.7 ملین سے زائد خاندانوں کو ہیلتھ انشورنس فراہم کرتا ہے، پاکستان کے پسماندہ طبقات کے لئے ایک امید کی کرن بن کر ابھرا ہے۔ لائنس فار ہیلتھ پالیسی اینڈ سسٹمز ریسرچ نے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کے تعاون سے یہ مطالعاتی رپورٹ پروگرام کی کامیابیوں، اس کی پائیداری اور زیادہ سے زیادہ کارکردگی کو یقینی بنانے اور شکایات کے میکانزم کو مضبوط بنانے کے لئے مرتب کی گئی ہے۔ ڈائریکٹر ریسرچ پائیڈ ڈاکٹر شجاعت فاروق اور ریسرچ فیلو نبیلہ کنول کی تحریر کردہ اس رپورٹ میں پسماندہ آب